E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | سوموار 19 اکتوبر 2026ء / 7 جمادی الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ 248

مالی وسائل کی کمی لاکھوں ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے

وزیراعظم سے کوٹن کا حصہ ہے مواقع فراہم کرنے

دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے

ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ وسیع کیا جارہا ہے اور اس وقت مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں، شہباز شریف کا اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مالی وسائل کی کمی لاکھوں ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک میں بہتر تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی محنت، قابلیت اور صلاحیتوں سے ملک وقوم کی ترقی میں کردار ادا کرسکیں، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے متاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بنانا ہے، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، وزیراعظم نے اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعظم نے کہا کہ وہ یہاں صرف وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے نہیں بلکہ عوام کے ایک خادم کی حیثیت سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام ہاؤسنگ فنانس کیلئے جائیداد کے کاغذات کی تعداد پانچ کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت ہاؤسنگ فنانس کے لیے درخواستوں کو جمع کرائے جانے والے جائیداد کے کاغذات کی تعداد کم کرکے پانچ کردی گئی ہے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس حوالے سے بینکوں کو باقاعدہ ہدایات جاری کردی ہیں۔

شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، گیلانی

ساخ کارساز کی وہ دلخراش رات آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ، میں خود اس ٹرک پر موجود تھا

پاکستان میں جمہوریت کے استحکام، پارلیمان کی بالادستی، آئین کی پاسداری اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے کوششیں جاری رہنی چاہئیں

ساخ کارساز کے شہدا کی قربانیاں پاکستان میں جمہوری نظام کے تسلسل اور آئین کی بالادستی کے لیے ہماری ذمہ داریوں کو مزید اجاگر کرتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ساخ کارساز کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ساخ کارسازی وہ دلخراش رات آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے، میں خود اس ٹرک پر موجود تھا۔ شہدا میں کچھ ایسے افراد کی جنہیں بھی شامل تھیں جن کی شناخت اس وقت معلوم نہ ہوسکی، اس المناک سانحے نے جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے، جس نے ایک دردناک تاریخ رقم کی، شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جانی چاہئیں، سینیٹر مین سینیٹ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ساخ کارساز کے شہدا کی جدوجہد کا روشن باب ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)



اسلام آباد: ڈاکٹر شیر افگن نیازی پاکستان کے زیر اہتمام اطفال آٹو ازم اور خاص ضروریات کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں، اس موقع پر ڈاکٹر ثمرین عبدالرشید، ڈاکٹر سحر ان چیف ایڈیٹر پبلک ہیلتھ، ڈاکٹر ہما بدر، ڈاکٹر عمران یونس، ڈاکٹر ریاض احمد گھمن، ڈاکٹر ثمینہ ناز اور دیگر شخصیات بھی موجود ہیں

پاکستان میں سابقہ گرائم کی شکایات میں ایک سال کے دوران 43 ہزار سے زائد کا اضافہ

پبلک میلنگ، ہراسانی اور جنسی عزت کی 50 ہزار 782 شکایات موصول ہوئیں، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سابقہ کرائم کی شکایات میں ایک سال کے دوران 43 ہزار سے زائد کا اضافہ رپورٹ کیا گیا ہے، پبلک میلنگ، ہراسانی اور جنسی عزت کی 50 ہزار 782 شکایات موصول ہوئیں، دستاویز کے مطابق اب تک ایک لاکھ 48 ہزار 204 شکایات موصول ہوچکی ہیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 43 ہزار 714 زیادہ ہیں، دستاویز کے مطابق مالی فراڈ، بلیک میلنگ اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

پنجاب میں ایک سال کے دوران 4 لاکھ موٹی تیار، لائیسنس کی برآمد میں 43 فیصد اضافہ

حکومت دیہی علاقوں کیلئے 19 ارب کی فارسٹ سیڈلی ڈی، پیٹ دیہی علاقوں کیلئے 65 ارب کی فوڈ سرمایہ کاری متوقع ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب آفس کے اعلامیے کے مطابق صوبے میں لائیسنس کے شعبے میں ایک سال کے دوران 4 لاکھ موٹی تیار کی گئیں، ہاورڈ یونیورسٹی کے چار سالہ ڈگری اور تربیتی پروگرام میں جامعہ کے تارکین سنگ میل عبور کرلیا، سمسٹر خواتین 2026ء میں 4500 سے زائد نے طلبہ

ایس آئی ایف سی کے تزئینی شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی اقدامات میں پیش رفت

تعمیراتی شعبے میں 7 نئے پبلک پلانٹس کی منظوری، 700 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے دوران ایس آئی ایف سی نے متعدد تزئینی شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی اقدامات کو فروغ دیا، تعمیراتی شعبے میں 7 نئے سیمنٹ پلانٹس کی منظوری میں سہولت دی گئی جن میں تقریباً 700 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے، تعمیراتی کے شعبے میں ایس آئی ایف سی نے 435 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

پیر مہر علی شاہ یونیورسٹی میں داخلوں کا نیا ریکارڈ قائم

2025ء کے 4,100 داخلوں کے مقابلے میں 8 فیصد اضافہ ہوا، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کی قیادت میں جامعہ نے داخلہ لینے کے لیے پبلک یونیورسٹی کی چار سالہ داخلوں کے نقابلی اعداد و شمار جاری کیے گئے، 2024ء کے مقابلے میں داخلوں کی شرح میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

خیبر پختونخوا میں ساتویں حکومت کی غلط پالیسیوں سے شعبہ تعلیم تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا

پہاڑی اور میدانی علاقوں میں سرکاری اسکولوں کی عمارتیں کھنڈر کا منظر پیش کرنے لگیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ساتویں حکومت کی غلط پالیسیوں سے شعبہ تعلیم تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا، میڈیا رپورٹ کے مطابق پہاڑی اور میدانی علاقوں میں سرکاری اسکولوں کی عمارتیں کھنڈر کا منظر پیش کرنے لگیں اور موسم سے بچاؤ کے لیے چھتیں تک موجود نہیں ہیں۔ غلط (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

تھل ڈیزرٹ ریلی میں حادثہ، معروف پائلٹ قاضی ظفر جاں بحق

مانگیرہ چیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ لگ گئی اور گر کر تباہ ہوگیا

جھنگ (این این آئی) معروف پائلٹ قاضی ظفر خان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے دوران مانگیرہ چیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ کی لپیٹ میں آگیا اور گر کر تباہ ہوگیا، ریسکیو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



لاہور: چمنی کے روز چڑیا گھر کی سیر کیلئے آئی فیملیاں داخلی راستے پر کھڑی ہیں

ساخ کارساز کے شہدا کی 19 ویں برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی

پیپلز پارٹی ساخ کارساز اور ساخ لیاقت باغ کو ایک ہی سازش کی کڑی سمجھتی ہے، ثنا کھوڑو کی گفتگو

ساخ کارساز میں سابق وزیراعلیٰ اہلِ خاندان، رہنما اور سابق شیر داطہ بیم اختر کو شامل تفتیش کیا جائے، مطالبہ

پارٹی سندھ ثنا کھوڑو نے کہا کہ سندھ کے ہر ضلع میں ساخ کارساز کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات منعقد کی گئیں انہوں نے کہا کہ ہم ساخ کارساز کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

پیپلز پارٹی کی جانب سے ساخ کارساز کے شہدا کی 19ویں برسی اور ساخ کارساز اور ساخ لیاقت باغ کو ایک ہی سازش کی کڑی سمجھتی ہے، ثنا کھوڑو کی گفتگو

سابق وزیراعلیٰ اہلِ خانہ، رہنما اور سابق شیر داطہ بیم اختر کو شامل تفتیش کیا جائے، مطالبہ

حادثات میں بروقت طبی امداد قیمتی جانیں بچا سکتی ہے، آئی جی سندھ

پولیس اہلکاروں کو ابتدائی طبی امداد کی تربیت دی جائے

بگڑتی حالات میں پولیس اور اسپتالوں کے درمیان مؤثر رابطہ ضروری ہے، جاوید عالم اوڈھو

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ حادثات سے بچاؤ اور بگڑتی حالات میں انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے عوامی آگاہی، بروقت اقدامات اور حفاظتی اداروں کے درمیان مؤثر تعاون سے رد کے حد میں مدد گار ثابت ہوسکتی ہے۔ حادثے کے بعد ابتدائی چند گھنٹے انتہائی اہم ہوتے ہیں اور درست طریقے سے فراہم کی جانے والی ابتدائی طبی امداد زخمیوں کی جان بچانے اور ان کی حالت مزید بگڑنے سے روکنے میں مدد گار ثابت ہوسکتی ہے۔

ساخ کارساز کے شہدا کی یاد میں



وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کردیا

ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچوں کو سو فیصد میرٹ پر داخل کیا گیا ہے، 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے

طلبہ اور طالبات کیلئے الگ الگ ایک بلاک بنائے گئے ہیں، ہر بلاک میں 2 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس اور ویکیشنل لیبز بنائی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کردیا، وزیراعظم نے دانش سکول کی انتظامی ٹیموں کو جانے والی طلبہ کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا، وزیراعظم نے شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز، سائنس، آئی ٹی لیبز ریویکس لیبز اور آرٹ روم کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طلبہ کو فراہم کی جانے والی شکل حالات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)



لاہور: یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز بہاولپور کیمپس کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد مرزا فراز اختر رسول دیگر حکام کے ہمراہ افتتاح کررہے ہیں

کوئٹہ بلوچستان اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے، وفاقی وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

بھلوال، سالم میں گردوں کے امراض کے علاج کیلئے SIUT ہسپتال کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز

منصوبہ بھلوال سمیت گرد و نواح کے اضلاع کے لیے بالاول بھٹو کا عظیم الشان تحفہ ہے: چوہدری ندیم افضل چن

ہسپتال کی تعمیر کا کام تیز رفتاری کے ساتھ مکمل کیا جائے گا تاکہ یہ ادارہ جلد از جلد دکھی انسانیت کی خدمت اور عوامی علاج، بہبود کے ایک مثالی اور عظیم مرکز کے طور پر فعال ہوسکے

بھلوال (خصوصی رپورٹر) سالم، بھلوال کے مقام پر گردوں کے علاج و تحقیق کے لیے سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹیشن (SIUT) کے نئے ہسپتال کا سنگ بنیاد اور تعمیراتی کام کا باقاعدہ طور پر شروع کردیا گیا، تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ ہسپتال کے تعمیراتی کام کے آغاز کے موقع پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



ٹرانسپلانٹیشن کے عالمی شہرت یافتہ ادارے سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹیشن کے سینئر رہنما چوہدری ندیم افضل چن کی جانب سے سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سندھ ڈاکٹر عبدالغفار شورو، ایس آئی یو ٹی کے ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر سومرو، ڈپٹی کمشنر بھلوال عمران حیدر گھمن، ایس ایس پی بھلوال ڈاکٹر فیصل کامران، ایم ایس ایس آئی یو ٹی ڈاکٹر ثاقب اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔

خیراتی اداروں، این جی اوز کی مانیٹرنگ اور کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے اہم فیصلے

این جی اوز کو مفلی لاٹھ رگنگ اور دہشتگردوں کی مالی معاونت جیسے خطرات سے بچا کر تربیت کی فراہمی جاری

قانون کی خلاف ورزی پر کسی بھی خیراتی ادارے کا چندہ جمع کرنے کیلئے دیا گیا اجازت نامہ منسوخ کیا جاسکتا ہے

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داطلہ کمیشن نورالامین مینگل نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن ڈاکٹر اسامہ صدیق بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ و کمشنر پنجاب چیریٹیز



لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ساخ کارساز کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی نکالی جارہی ہے

بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرگیا

50 کلو آٹے کی تھیلی 1 ہزار 400 روپے میں فروخت ہورہی ہے، جو ایک عام مزدور، ریڑھی بان اور دیہاڑی دار کی قوت خرید سے باہر ہے

غریب عوام کو سرکاری نرخوں پر ستا آٹا فراہم کرنے کے لیے متعدد اقدامات کریں، تاکہ کوئی بھی خاندان روٹی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم نہ رہے

50 کلو آٹے کی تھیلی 1 ہزار 400 روپے میں فروخت ہورہی ہے، جو ایک عام مزدور، ریڑھی بان اور دیہاڑی دار کی قوت خرید سے باہر ہے۔ ایک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

ذوب (این این آئی) بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرگیا، غریب عوام روٹی کے لیے پریشان ہیں آج 17 اکتوبر کو غربت کے خاتمے کا عالمی دن منایا جارہا ہے، لیکن افسوس کہ غربت، مہنگائی اور نااہلی نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق

انسانی حقوق کے نام پر پاکستان مخالف سرگرمیوں کیلئے بھارت اور کالعدم ایکشن کمیٹی کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) انسانی حقوق کے نام پر پاکستان مخالف سرگرمیوں کیلئے بھارت اور کالعدم ایکشن کمیٹی کا مذموم گٹھ جوڑ ایک مرتبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

موجودہ مالی کشیدہ حالات میں سیاسی جماعتوں کو تدبر، دوراندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، نایاں اختر خان

عوام اب اگر بڑے دعوے سننے کی تاب نہیں لاسکتے ہیں، ہر بات پر جیلوں میں بند ہونے والوں سے ملنے جانے والے 97 کا دور نہ آئے، محاذ آرائی نہیں بلکہ بات چیت اور باہمی مشاورت سے، دہشتگردی کے خلاف کشیدہ حالات میں سیاسی جماعتوں کو تدبر اور جنگ کا سیاسی حل کرنے کیلئے مضبوط دوراندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، مسائل کا حل

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر نایاں اختر خان نے کہا ہے کہ موجودہ مالی مشاورت سے ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ کا سیاسی حل کرنے کیلئے مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے۔

وقف املاک کا تحفظ، محصولات میں اضافہ اہداف کا حصول ناگزیر ہے

مذہبی سیاحت کا فروغ، مزارات کی تزئین و آرائش اور تعمیراتی ورثے کی بحالی وقت کا اہم تقاضا ہے ڈاکٹر احسان بھٹہ

زندگی کا خاتمہ، وقف ارائیات کا انتقال، مزارات کے ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی تیقنی بنائی جائے، زوم کال کانفرنس سے خطاب

لاہور (این این آئی) سیکرٹری وقف و ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ وقف املاک کا تحفظ، گلخانہ آمدن و محصولات میں اضافہ اور حکومت کی جانب سے مقرر کردہ اہداف کا بروقت حصول بجٹری کے لیے خود احتسابی اور مورٹیٹرنگ عمل میں لائی جائے گی، جبکہ کارکردگی کی بنیاد پر ہی ترقی کے دروازے کھلیں گے۔ اجلاس میں محکمہ اوقاف کے نظام کو مزید فعال بنایا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈمنسٹریٹر اوقاف میں منعقدہ زوم کال کانفرنس کے دوران کیا۔ اجلاس میں محکمہ اوقاف کے مختلف افسران کے خلاف گلخانہ کارروائی کرتے ہوئے کہا کہ وقف املاک کی مسمار کی آمدن کی ادائیگی کی انتظامی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائینگی

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سانحہ کارساز کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سانحہ کارساز کی وہ دلخراش رات آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے، میں خود اس ٹرک پر موجود تھا۔ شہدا میں کچھ ایسے افراد کی میتیں بھی شامل تھیں جن کی شناخت اس وقت معلوم نہ ہو سکی، اس المناک سانحے نے جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی ایک دردناک تاریخ رقم کی، شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ چیئرمین سینیٹ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے، جس نے جمہوریت سے وابستگی، سیاسی استقامت اور قومی عزم کی ایسی داستان رقم کی جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ شہدا کا لہو پاکستان میں جمہوری اقدار کے استحکام کی جدوجہد کا روشن باب ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو نے مشکلات، دھمکیوں اور سنگین خطرات کے باوجود پاکستان واپسی کا فیصلہ کر کے عوام کے ساتھ اپنے غیر متزلزل تعلق اور جمہوری جدوجہد سے اپنی وابستگی کا ثبوت دیا، سانحہ کارساز کے دوران قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے ایک گہرا صدمہ تھا، تاہم اس سانحے کے باوجود جمہوریت کے لیے جدوجہد کا عزم کمزور نہ پڑا۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ جمہوری حقوق، عوامی خودمختاری اور سیاسی آزادیوں کا تحفظ بڑی قربانیوں اور ثابت قدمی کا تقاضا کرتا ہے۔ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں پاکستان میں جمہوری نظام کے تسلسل اور آئین کی بالادستی کے لیے ہماری ذمہ داریوں کو مزید اجاگر کرتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سیاسی بصیرت، جرات اور عوامی خدمت کا جذبہ آج بھی جمہوری قوتوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ ان کی جدوجہد ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ قومی ترقی، سیاسی استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اختلافات سے بالاتر ہو کر جمہوری اقدار کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام، پارلیمان کی بالادستی، آئین کی پاسداری اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف قومی جدوجہد میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی قربانیاں ہماری اجتماعی ذمہ داری کو یاد دلاتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ شہدا کی یاد کو حقیقی خراج عقیدت یہی ہے کہ ملک میں امن، برداشت، رواداری اور جمہوری روایات کو فروغ دیا جائے اور ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے متحد ہو کر کام کیا جائے۔

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ، سعودی عرب کی سلامتی اور علاقائی امن کا تقاضا

سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی ملیشیا کے حملے کی اطلاعات نہایت تشویش ناک اور قابل مذمت ہیں۔ شہری ہوائی اڈے اور غیر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانا نہ صرف انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ ہے بلکہ بین الاقوامی قوانین، علاقائی استحکام اور عالمی فضائی سفر کے تحفظ سے متعلق بنیادی اصولوں کے بھی منافی ہے۔ فراہم کردہ اطلاعات کے مطابق اس حملے میں ایک پاکستانی سمیت متعدد افراد جاں بحق اور سینکڑوں زخمی ہوئے، جبکہ ہوائی اڈے کی عمارت کو بھی نقصان پہنچا۔ اگر ان اطلاعات کی تصدیق ہوتی ہے تو یہ واقعہ اس امر کی یاد دہانی ہے کہ تنازعات میں طاقت کے استعمال کے نتائج سرحدوں تک محدود نہیں رہتے بلکہ ان کی قیمت عام شہریوں کو بھی اپنی جانوں اور مستقبل سے ادا کرنا پڑتی ہے۔

سعودی عرب محض مشرق وسطیٰ کا ایک اہم ملک نہیں بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے غیر معمولی مذہبی، روحانی اور جذباتی اہمیت رکھتا ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سرزمین ہونے کے باعث سعودی عرب سے مسلمانوں کا قلبی تعلق نسل، زبان، قومیت اور جغرافیائی فاصلے سے بالاتر ہے۔ ہر سال دنیا کے مختلف ممالک سے لاکھوں مسلمان حج اور عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے وہاں پہنچتے ہیں۔ اس لیے سعودی عرب کی

تجزیہ بی این پی

سلامتی، حرمین شریفین کا تحفظ اور وہاں آنے والے زائرین کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی پوری مسلم دنیا کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ تاہم اس جذباتی وابستگی کے ساتھ یہ اصول بھی پیش نظر رہنا چاہیے کہ مذہبی مقامات، شہری آبادیوں اور غیر فوجی تنصیبات کا تحفظ عالمی انسانی ذمہ داری ہے اور کسی بھی فریق کو سیاسی یا عسکری اختلافات کی بنیاد پر بے گناہ انسانوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے کا حق حاصل نہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق ریاض ایئرپورٹ پر مبینہ حملے کو محض ایک عسکری کارروائی سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہوائی اڈے جدید ریاست کے اہم شہری مراکز میں شمار ہوتے ہیں، جہاں مسافر، عملہ، مختلف ممالک کے شہری اور بین الاقوامی پروازوں سے وابستہ افراد موجود ہوتے ہیں۔ ایسے مقام کو نشانہ بنانے سے انسانی جانوں کو لاحق خطرات کے علاوہ فضائی آمدورفت، تجارتی سرگرمیوں اور علاقائی رابطوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اگر شہری تنصیبات کو تنازعات میں دباؤ ڈالنے کے لیے استعمال کیا جانے لگا تو اس سے عالمی سطح پر عدم تحفظ کا دائرہ مزید وسیع ہوگا۔ اسی لیے اس واقعے کی غیر مبہم مذمت، حقائق کی شفاف تحقیقات اور مستقبل میں ایسے حملوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے حملے کی شدید مذمت اور سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم کا اعادہ پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے روابط صرف سفارتی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ مذہبی وابستگی، باہمی احترام، اقتصادی تعاون اور عوامی سطح کے گہرے اعتماد سے بھی عبارت ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دہائیوں پر محیط تعلقات نے مختلف ادوار میں سیاسی اور اقتصادی حالات کے باوجود اپنی اہمیت برقرار رکھی ہے۔ پاکستان میں سعودی عرب کے لیے خیرسگالی کے جذبات اور سعودی معاشرے میں پاکستانیوں کی موجودگی ان روابط کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانے کی مذمت بھی اس اصول کی توثیق ہے کہ غیر فوجی تنصیبات پر حملوں کو کسی صورت معمول کی کارروائی نہیں سمجھنا چاہیے۔ ایسے واقعات میں متاثرین کی قومیت سے قطع نظر انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ حملے میں کسی پاکستانی شہری کی شہادت کی اطلاع پاکستانی عوام کے لیے خصوصی دکھ کا باعث ہے، لیکن اس سانحے کا بنیادی انسانی پہلو اس سے کہیں وسیع ہے۔ ہر جاں بحق شخص ایک خاندان کا سہارا، کسی ماں باپ کی امید اور کسی گھر کی خوشیوں کا حصہ ہوتا ہے۔ سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی اس بات کی متقاضی ہیں کہ متاثرین کو فوری طبی امداد، ضروری سہولتیں اور ہر ممکن انسانی تعاون فراہم کیا جائے۔

پاکستان کے لیے یہ صورت حال سفارتی، دفاعی اور معاشی اعتبار سے بھی اہم ہے۔ ملک کو پہلے ہی داخلی سلامتی کے متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات، سرحدی صورت حال، افغانستان سے متعلق سیکیورٹی خدشات اور بھارت کے ساتھ تعلقات کی پیچیدگیاں قومی پالیسی میں احتیاط اور دانش مندی کی ضرورت بڑھا دیتی ہیں۔ دوسری جانب معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے فروغ اور عوام کو مہنگائی کے دباؤ سے نکالنے کے لیے بھی پرامن علاقائی ماحول ضروری ہے۔ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی بڑھنے سے توانائی کی قیمتوں، تیل کی ترسیل، تجارت، فضائی سفر اور ترسیلات زر سمیت کئی شعبے متاثر ہو سکتے ہیں۔ پاکستان جیسے ملک کے لیے ایسے ممکنہ اثرات کو نظرانداز کرنا دانش مندی نہیں ہوگی۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق سعودی عرب کی سلامتی کے لیے پاکستان کی حمایت اور علاقائی کشیدگی کم کرنے کی کوششیں ایک دوسرے کی ضد نہیں بلکہ ایک متوازن خارجہ پالیسی کے دو اہم پہلو ہیں۔ پاکستان کو اپنے دوطرفہ تعلقات، معاہداتی ذمہ داریوں، قومی مفادات اور زمینی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلے کرنے چاہئیں۔ مکہ مکرمہ میں طے پانے والے مشترکہ دفاعی تعاون کے معاہدے کے تناظر میں سعودی عرب کے ساتھ تعاون کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے، تاہم کسی بھی عملی اقدام کا تعین متعلقہ معاہدے کی شرائط، باہمی مشاورت اور حالات کے مکمل جائزے کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ ذمہ دارانہ سفارت کاری کا تقاضا یہ ہے کہ دوست ملک کی سلامتی کے تحفظ کے ساتھ ساتھ وسیع تر علاقائی امن کو بھی پیش نظر رکھا جائے۔

اس معاملے میں اصولی مؤقف بالکل واضح ہونا چاہیے۔ سعودی عرب کے شہریوں، اہم تنصیبات اور زائرین کی سلامتی پر کوئی سمجھوتا نہیں ہونا چاہیے، لیکن ردعمل ایسا ہونا چاہیے جو مزید تباہی اور انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب نہ بنے۔ کسی بھی حملے کی مذمت کرتے ہوئے ضروری ہے کہ تنازعے کے تمام فریق بین الاقوامی قانون کی پابندی کریں اور شہریوں کو جنگی کارروائیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ دفاعی تیاری اور شہری تحفظ ہر ریاست کا جائز حق ہے، مگر اس حق کے استعمال میں تناسب، احتیاط اور انسانی جانوں کی حرمت کو بنیادی اہمیت حاصل رہنی چاہیے۔

سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی کی جڑیں یمن میں پیدا ہونے والے سیاسی بحران اور مسلح تصادم میں پیوست ہیں۔ 2014ء میں یمن کے دارالحکومت صنعا سمیت اہم علاقوں پر حوثیوں کے قبضے کے بعد صورت حال مزید پیچیدہ ہوئی،

سوشل میڈیا کا بڑھتا جنون، نوجوانوں کی زندگیوں کے تحفظ کے لیے مؤثر قانون سازی ناگزیر

مظفرگڑھ میں پانچ نوجوانوں کا مبینہ طور پر سوشل میڈیا پر ریل بنانے کے دوران دریائے چناب میں ڈوب کر جاں بحق ہونے کا افسوسناک واقعہ محض ایک حادثہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے لیے ایک سنجیدہ لمحہ فکریہ ہے۔ یہ سانحہ اس حقیقت کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ سوشل میڈیا پر مقبولیت حاصل کرنے کی خواہش کس طرح نوجوانوں کو ایسے خطرات سے دوچار کر سکتی ہے جن کا انجام ناقابل تلافی ہوتا ہے۔ اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوانوں میں سے کوئی بھی تیراکی نہیں جانتا تھا، اس کے باوجود دریا میں ریل بنانے کی کوشش کی گئی۔ چند لمحوں کی ویڈیو، چند لائکس اور زیادہ ویوز کی خواہش پانچ قیمتی انسانی زندگیوں کے ضیاع کا سبب بن گئی۔ ایسے واقعات کا تقاضا ہے کہ انفرادی ذمہ داری، والدین کی رہنمائی، سماجی شعور اور حکومتی اقدامات کو ایک مربوط حکمت عملی کے تحت آگے بڑھایا جائے۔

** تجزیہ بی این پی کے مطابق ** سوشل میڈیا جدید دور کی ایک اہم ضرورت اور ابلاغ کا طاقتور ذریعہ ہے۔ اس نے تعلیم، کاروبار، صحافت، تفریح اور تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے نئے مواقع پیدا کیے ہیں۔ آج نوجوان اپنی صلاحیتوں کو دنیا کے سامنے پیش کر سکتے ہیں، معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے ہنر کے ذریعے روزگار کے امکانات پیدا کر سکتے ہیں۔ تاہم مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب سوشل میڈیا کا مثبت استعمال پس منظر میں چلا جائے اور شہرت حاصل کرنے کی دوڑ زندگی کے بنیادی تقاضوں پر غالب آ

تجزیہ بی این پی

جائے۔ لائکس، ویوز اور فالوورز کو کامیابی کا واحد معیار سمجھنے کی سوچ نوجوانوں کو غیر ضروری خطرات مول لینے پر آمادہ کرتی ہے۔ اس رجحان کی اصلاح کے لیے سوشل میڈیا پر پابندی کے بجائے ذمہ دارانہ استعمال، مؤثر نگرانی اور واضح قانونی ضابطوں کی ضرورت ہے۔ مظفرگڑھ کا حادثہ اپنی نوعیت میں انتہائی افسوسناک ہے، لیکن اس سے پہلے بھی ایسے متعدد واقعات سامنے آتے رہے ہیں جن میں نوجوانوں نے ویڈیو بنانے یا غیر معمولی مناظر ریکارڈ کرنے کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالی۔ کوئی ریلوے لائن پر کھڑے ہو کر ویڈیو بناتا ہے، کوئی چلتی ٹرین کے قریب کرتب دکھانے کی کوشش کرتا ہے، کوئی تیز رفتار گاڑی چلاتے ہوئے موبائل فون سے ریکارڈنگ کرتا ہے اور کوئی اسلحے کے ساتھ ویڈیو بنانے کے دوران حادثے کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح دریاؤں، نہروں، بلند عمارتوں اور خطرناک مقامات پر محض سنسنی خیز مناظر حاصل کرنے کے لیے کی جانے والی سرگرمیاں بھی سنگین نتائج پیدا کر سکتی ہیں۔ ایسے اقدامات میں چند سیکنڈ کی غفلت پوری زندگی کی خوشیاں چھین سکتی ہے۔

اس صورت حال میں وفاقی حکومت، وزارت اطلاعات و نشریات، متعلقہ ریگولیٹری اداروں اور صوبائی حکومتوں کو چاہیے کہ وہ سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کے لیے جامع پالیسی وضع کریں۔ اس پالیسی کا مقصد نوجوانوں کو مجرم بنانا یا اظہار رائے کی آزادی محدود کرنا نہیں، بلکہ انہیں جان لیوا سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا ہونا چاہیے۔ ایک ایسا قانونی اور انتظامی نظام تشکیل دیا جا سکتا ہے جو خطرناک کرتبوں کی تشہیر، جان بوجھ کر خطرے کو معمول کی سرگرمی کے طور پر پیش کرنے اور ایسے مواد کی غیر ضروری ترویج کی روک تھام کرے جس سے دوسرے افراد بھی نقصان دہ حرکات کی طرف راغب ہوں۔

حکومت کو اس سلسلے میں قانون سازی کرتے ہوئے واضح طور پر یہ طے کرنا ہوگا کہ کون سا مواد حقیقی معنوں میں خطرناک ہے، کس صورت میں پلیٹ فارم یا مواد تیار کرنے والے کی ذمہ داری بنتی ہے اور کن حالات میں قانونی کارروائی ضروری ہو سکتی ہے۔ ہر ویڈیو کو محض غیر معمولی یا سنسنی خیز ہونے کی بنیاد پر قابل سزا قرار دینا مناسب نہیں ہوگا۔ قانون کا دائرہ متعین، شفاف اور متناسب ہونا چاہیے تاکہ شہریوں کی بنیادی آزادیوں کا احترام برقرار رہے اور انسانی جان کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیوں کی روک تھام بھی ممکن ہو سکے۔ کسی حادثے کے بعد صرف نوجوانوں یا ان کے خاندانوں کو مورد الزام ٹھہرانے کے بجائے ایسے اقدامات کی وجوہات کا جائزہ لینا اور مستقبل میں ان کی روک تھام کرنا زیادہ اہم ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی ذمہ داری بھی اس معاملے میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ سوشل میڈیا کمپنیوں کو ایسے مواد کی شناخت کے لیے مؤثر طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے

معاشی اصلاحات پر حکومتی اعتماد، کاروبار اور روزگار کے نئے امکانات

پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنانے، کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے، ٹیکس نظام میں شفافیت لانے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے مختلف شعبوں میں اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی حالیہ ہدایات میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے لیے قرضوں کا حجم دو اعشاریہ دو ٹریلین روپے تک بڑھانے، پیداواری شعبوں میں ٹیکس نگرانی کا خودکار نظام مکمل کرنے اور دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو عالمی معیار کا ٹیکنالوجی مرکز بنانے پر توجہ دی گئی ہے۔ یہ اقدامات معاشی پالیسی کو کاروبار، سرمایہ کاری، محصولات اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی عکاسی کرتے ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق معاشی پالیسیوں کے حوالے سے اعلیٰ حکومتی عہدیداروں کی مسلسل توجہ اور مختلف شعبوں میں اہداف مقرر کرنا اس امر کا اظہار ہے کہ حکومت معاشی استحکام کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے۔ تاہم اس اعتماد کو پائیدار بنانے کے لیے ضروری ہے کہ پالیسی اعلانات کے ساتھ عملی پیش رفت بھی نظر آئے اور ان کے ثمرات کاروباری طبقے، نوجوانوں اور عام شہری تک پہنچیں۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ نہ صرف مقامی سطح پر روزگار پیدا کرتے ہیں بلکہ چھوٹی صنعتوں، خدمات، دستکاری اور نئے کاروباری منصوبوں کے ذریعے معاشی

بی این پی

سرگرمیوں کو وسعت بھی دیتے ہیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ 2028ء تک ان کاروباروں کے لیے قرضوں کی مجموعی مالیت ایک اعشاریہ ایک ٹریلین روپے سے بڑھا کر دو اعشاریہ دو ٹریلین روپے کی جائے۔ اس ہدف سے کاروباری افراد کو سرمایہ فراہم کرنے اور نجی معاشی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق اس منصوبے کی کامیابی کا انحصار صرف قرضوں کے مجموعی حجم پر نہیں بلکہ اس بات پر بھی ہوگا کہ مالی سہولتیں مستحق کاروباری افراد تک کس حد تک پہنچتی ہیں۔ خواتین، ہنرمند نوجوانوں، نئے کاروباری افراد اور پسماندہ علاقوں کے لوگوں کو قرضوں تک آسان رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح درخواستوں کے طریقہ کار کو سادہ بنانے، مناسب کاروباری رہنمائی دینے اور چھوٹے کاروباروں کے لیے قابل عمل منصوبے تیار کرنے میں سیڈا کا کردار اہم ہو سکتا ہے۔ اگر مالی معاونت کے ساتھ تربیت اور مارکیٹ تک رسائی بھی میسر ہو تو کاروباروں کے پائیدار ہونے کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ معاشی اصلاحات کا دوسرا اہم پہلو ٹیکس نظام کی شفافیت ہے۔

وزیراعظم نے پیداواری شعبوں میں سیلز ٹیکس کے لیے خودکار نگرانی کا نظام رواں سال کے اختتام تک مکمل فعال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد سمیت بعض شعبوں میں یہ نظام نصب کیا جا چکا ہے، جبکہ ٹیکسٹائل، پیک شدہ پانی، جوس، دودھ اور دیگر صنعتوں میں اس کی تنصیب کا عمل جاری ہے۔ حکومت کا ہدف ہے کہ متعلقہ شعبوں میں نگرانی کا نظام 31 دسمبر 2026ء تک مکمل فعال ہو جائے۔

جدید آلات اور خودکار نظام کے ذریعے پیداوار کا درست ریکارڈ مرتب کرنے، ٹیکس چوری روکنے اور قومی خزانے کے محصولات میں اضافے میں مدد مل سکتی ہے۔ وزیراعظم نے بھی واضح کیا ہے کہ صارفین سے وصول کیا جانے والا سیلز ٹیکس قومی خزانے میں جمع ہونا چاہیے۔ یہ معاملہ محض سرکاری آمدن تک محدود نہیں، بلکہ کاروباری شفافیت اور عوامی اعتماد سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ تاہم ٹیکس اصلاحات کے ساتھ یہ یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ قانون کی پابندی کرنے والے کاروبار غیر ضروری انتظامی مشکلات کا شکار نہ ہوں اور تمام شعبوں پر یکساں اصول لاگو کیے جائیں۔

اجلاس میں پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق گزشتہ تین برس کے دوران حکومتی اقدامات کے نتیجے میں ایک اعشاریہ تین ٹریلین روپے اضافی ٹیکس جمع کیا گیا۔ اس پیش رفت کے باوجود ٹیکس نظام کی بہتری کے لیے مزید اقدامات درکار ہیں۔ ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، غیر دستاویزی معاشی سرگرمیوں کو قانونی دائرے میں لانا اور محصولات کا بوجھ صرف پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والوں تک محدود نہ رہنے دینا اہم تقاضے ہیں۔

پی ایل سی میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن سسٹم پر فوری اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

جاری احکامات پر فوری عملدرآمد کیا جائے اور کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر یا عدم تعمیل کی صورت میں ذمہ داری کا تعین کیا جائے گا

ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ادارے میں جدید، شفاف، مؤثر انتظامی نظام کے قیام کی جانب اہم قدم ہے' ایم ڈی ڈاکٹر فرحان فاروق

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر فرحان فاروق نے ادارے میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن سسٹم پر فوری اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 20 اکتوبر 2026 سے ڈی ٹی ایس میں متعلقہ اندراج کے بغیر کسی بل، ادائیگی یا سرکاری کیس پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے یہ ہدایات پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ساہیوال مرکز کے دورے کے دوران نظام پر عملدرآمد کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام کا مقصد ادارہ جاتی امور میں شفافیت، کارکردگی، جوابدہی اور انتظامی بہتری کو فروغ دینا ہے، اس لیے تمام افسران اور ملازمین اس کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فارم، پروکیورمنٹ، مارکیٹنگ اور دیگر شعبوں کے افسران و ملازمین فوری طور پر ڈی ٹی ایس کا استعمال شروع کریں اور دستیاب مجاز کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس اور دیگر سہولیات سے استفادہ کریں۔



فیصل آباد: ریلوے اسٹیشن پر ملت ایکسپریس فیصل آباد تا کراچی کا افتتاح سی ای او پاکستان ریلوے محمد حنیف اللہ کر رہے ہیں اس موقع پر رانا ثاقب، رانا فیاض و دیگر موجود ہیں

ایران کو جوہری معاہدہ یا تباہ کن جنگ میں سے کسی ایک کا انتخاب جلد کرنا ہوگا، پیٹ ہیگسیتھ

تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے، امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کو اپنے جوہری عزائم یا پھر امریکا کی تباہ کن فوجی کارروائی میں سے کسی ایک کا جلد انتخاب کرنا ہوگا۔ امریکی ریاست مشی گن کی ایک یونیورسٹی میں ریزرو آفیسرز ٹریننگ کور کے کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ مذاکرات کے ذریعے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق امریکی مطالبات تسلیم کرتا ہے یا فوجی کارروائی کا خطرہ مول لیتا ہے۔ امریکی وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے جبکہ واشنگٹن کو اس کے جوہری عزائم پر بھی تحفظات ہیں۔ ان کے مطابق امریکی فوجی طاقت مخالف قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ہیگسیتھ نے ایران پر حزب اللہ اور یمن کے حوثی گروپ کی مالی معاونت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اپنے فوجیوں اور بحری جہازوں کو حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ خطاب کے دوران امریکی وزیر دفاع نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن لاطینی امریکا میں ایران، چین اور روس کے اثر و رسوخ کو محدود کرنا چاہتا ہے۔

حوثی حملوں کے خلاف سعودی عرب کا دفاع کریں گے، مصری صدر کا اعلان

سعودی قیادت کی درخواست پر دفاعی تعاون کیا جاسکتا ہے تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی، خطاب

قاہرہ (این این آئی) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ اگر سعودی عرب نے درخواست کی تو مصر حوثی ملیشیا کے حملوں کے خلاف مملکت کے دفاع کے لیے ہر ضروری اقدام کرے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق السیسی نے مصری ملٹری اکیڈمی کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کو نقصان پہنچنے یا اس کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہونے کی صورت میں مصر خاموش نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی قیادت کی ہدایت اور درخواست پر دفاعی تعاون کیا جا سکتا ہے، تاہم اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی۔ مصر 2015 میں یمن میں سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد میں شامل ہوا تھا، تاہم اس کا کردار زیادہ تر بحیرہ احمر میں بحری راستوں کے تحفظ تک محدود رہا ہے۔ حوثی حملوں سے مصر کے معاشی مفادات بھی متاثر ہوئے ہیں۔

علاقے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر سعودی اور اردنی وزرائے خارجہ کا تبادلہ خیال

وزرائے خارجہ کا اپنی مملکتوں کی طرف سے سلامتی واستحکام کے لیے باہمی یکجہتی کا بھی اعادہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور اردن کے وزیر خارجہ ایمن الصفادی نے علاقے میں جاری کشیدہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اس دوران باہمی رابطوں اور تعاون کو بھی مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے کشیدگی کے خاتمے کے لیے یہ بات چیت ایسے وقت کی ہے جب سعودی عرب پر حوثی حملے سے علاقے میں کشیدگی انتہائی بڑھ گئی ہے۔ ان کے درمیان یہ بات چیت فون کال پر کی گئی ہے۔

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں، تحریک انصاف نے صوبے کو پسماندگی کی طرف دھکیلا، شرافت علی ظلمی

مظفرآباد (این این آئی) مرکزی سیکرٹری اطلاعات و نشریات مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ آزاد جموں و کشمیر شرافت علی ظلمی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے خیبر پختونخوا میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

آئی وی وائے اکیڈمی کے انتخابات، معیز سندھو صدر منتخب




نومنتخب قیادت کا طلبہ کے حقوق، تحفظ اور کیمپس کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات کا عزم

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) آئی وی وائے اکیڈمی کے سالانہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے نومنتخب صدر معیز سندھو، جنرل سیکرٹری رانا احسان اور جوائنٹ سیکرٹری رامش زکی نے کیمپس کی تعمیر و ترقی، طلبہ کے تحفظ کو یقینی بنانے اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر سید حسن نواز، کیمپس ایمبیسڈر، اور ریاست کھوکا نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ نومنتخب قیادت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئی وی وائے اکیڈمی کی بہتری، طلبہ کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کو ترجیحات میں شامل رکھا جائے گا۔ کیمپس میں ایسا مثبت، محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے کوششیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 52)

علامہ عبدالرحمٰن کائناتی کی 41ویں سالانہ برسی 25 اکتوبر کو منائی جائے گی

تقریب میں نعتیہ مشاعرہ، اظہار خیال، قرآن خوانی اور خصوصی دعا ہوگی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) برصغیر کے ممتاز مذہبی سکالر دانشور سابق صدر علوم اسلامیہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد حضرت علامہ عبدالرحمٰن کائناتی رحمۃ اللہ علیہ کی 41ویں سالانہ برسی اتوار 25 اکتوبر 2026 کو الکائنات عمران روڈ باجوہ اسٹریٹ خیابان کالونی 2 مدینہ ٹاؤن میں انتہائی عقیدت و احترام کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 51)

مہنگائی نے غریب کی زندگی اجیرن بنادی، حکمران ناکام معاشی پالیسیوں پر نظرثانی کریں


15 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس منعقد ہوگی، خالد محمود اعظم آبادی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حکمرانوں کی نااہلی اور ناکام معاشی پالیسیوں کی بدولت غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہوتا جا رہا ہے مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے اور سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے ملکی بقا و سلامتی کو داؤ پر لگانے سے بھی دریغ نہیں کر رہی۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

مہنگائی اور پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے پر تاجروں کا اظہار تشویش، حکومتی ریلیف کا مطالبہ

تیل، گیس اور بنیادی اشیائے ضروریہ سستی کی جائیں، صنعتوں کی بندش اور بے روزگاری پر تاجروں کا اظہار



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران موٹر مارکیٹ جھنگ روڈ فیصل آباد کے چیئرمین سرپرست اعلیٰ سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی میاں محمد افضل آف ٹوبہ، سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی و چیئرمین حاجی محمد اصغر، صدر حاجی راشد مجیبی، وائس چیئرمین میاں عمر اقبال، لالہ دلدار حسین، رانا امجد علی، سابق ایگزیکٹو ممبر مقصود بٹ، رانا امجد و دیگر نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں اور مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی نااہلی اور ناکام معاشی پالیسیوں کے باعث انڈسٹری بند ہو رہی ہے جس کی وجہ غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہوتا جا رہا ہے مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومت پیٹرولیم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

فیصل آباد میں 50 سے زائد این جی اوز کا اتحاد، مشترکہ فلاحی منصوبوں پر اتفاق

سماجی تنظیموں کا خدمت خلق اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مل کر کام کرنے کا عزم

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) آل فیصل آباد ڈویژن این جی اوز میٹ اپ ڈائنسٹی انسٹیٹیوٹ میں منعقد ہوا، جہاں شہر میں کام کرنے والی پچاس سے زائد سماجی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں باہمی تعاون، مشترکہ فلاحی منصوبوں، اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر آرگنائزر میاں عثمان رفعت، چیئرمین والنٹیئر فورس پاکستان، اور محمد ابوبکر ظفر، بانی و صدر امپاورز یوتھ فاؤنڈیشن، نے شرکا کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں عثمان چیمہ، عبدالمتین، ملائکہ سندھو، ایوب گل اوڈھو، اسامہ مہدی، زینب، عزیز الحسن، زید الحسن، سیدہ عروج فاطمہ، اور طاہر محمود سمیت دیگر سماجی رہنما بھی موجود تھے۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے تجربات اور وسائل کو شیئر کرتے ہوئے مشترکہ فلاحی منصوبوں کو فروغ دیں گے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 53)



فیصل آباد: ڈائنسٹی انسٹیٹیوٹ میں آل فیصل آباد این جی اوز میٹ اپ کے آرگنائزر، چیئرمین والنٹیئر فورس پاکستان میاں عثمان رفعت، صدر امپاورز یوتھ فاؤنڈیشن محمد ابوبکر ظفر، عثمان چیمہ، عبدالمتین، ملائکہ سندھو، ایوب گل اوڈھو، اسامہ مہدی، زینب، سیدہ عروج فاطمہ، طاہر محمود و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ایرانی فراہم کردہ معلومات سے حوثیوں کو سعودی عرب میں اہداف متعین کرنے میں مدد ملی

ایران نے چھوٹے آبدوزوں کے ذریعے حوثیوں کو ہتھیار منتقل کرنے کا طریقہ اپنایا ہے، یورپی حکام

تہران (این این آئی) ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ایران نے حوثیوں کو ایسی معلومات فراہم کی ہیں جنہوں نے سعودی عرب میں حملوں کے اہداف متعین کرنے میں مدد دی۔ غیر ملکی اخبار نے فوجی ماہرین کے حوالے سے بتایا کہ حوثیوں کے حالیہ تزویراتی حربے اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ انہوں نے ایران سے تربیت حاصل کی ہے۔ مزید برآں اخبار نے بتایا کہ ایران یمن میں مداخلت کی تردید کے باوجود حوثیوں کو ماہرین اور ہتھیاروں کی فراہمی کے ذریعے مسلسل مدد فراہم کر رہا ہے۔

سانحہ کارساز 18 اکتوبر 2007 کے شہداء نے اپنی جانیں قربان کر کے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش داستان رقم کی، عامر عبدالغفار لون

کراچی (این این آئی) سابق وزیر ماحولیات و ممبر قانون ساز اسمبلی پاکستان پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر عامر عبدالغفار لون نے سانحہ کارساز 18 اکتوبر 2007 کے شہداء نے اپنی جانیں قربان کر کے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش داستان رقم کی جو اس بات کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 54)

بعدالت جناب عاطف تحصیلدار صاحب صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع سول اسٹیشن تحصیل و ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال جاوید اختر کے وارثان میں رضیہ بیگم بیوہ بعد میں فوت شد، بلقیس اختر زوجہ پہلے فوت شد، عریبہ جاوید، علینا، دختران زندہ، عبیداللہ پسر زندہ، عبداللہ پسر بعد فوت شد، اپلین رضیہ بیگم، اسماء واجد دختر زندہ، گل حنا، دختر بعد فوت شد اپلین بلقیس اختر ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا بعد کوئی عذر قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب / نائب تحصیلدار صاحب / اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ دھراماں تحصیل و ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال عابد پسر سلطان کے وارثان فقہ حنفیہ میں میراں بی بی، سلطان والدین پہلے فوت شد، غلام سکینہ بی بی خاوند بیوہ زندہ، محمد ممتاز، محمد وارث، حاجی احمد، عمر حیات، عامر گلزار، نجمہ بی بی، پسران دختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا بعد کوئی عذر قبول نہ ہوگا

ADVERTISEMENT
FOR JOB IN FC BALOCHISTAN (West)

1. **Job Vacancy**
   a. **Assistant Director Intelligence** - 04 x vacancies
2. **Eligibility Criteria**

Category	Assistant Director Intelligence - BPS-17
Education	MSc/ MA
Age (wef 1st Nov)	Not more than 35 years
Experience	Applicants with previous intelligence experience will be given preference; specially in West Balochistan
Language Proficiency	English and Urdu mandatory
	Balochi and Brahvi languages will be given preference
Residency	Balochistan citizens will be given preference

3. **Documents Required.** Photocopies of following documents be sent on official mailing/ email address as mentioned below latest by **31 Oct 2026**:-
a. CV.
b. Attested copy of Education Certificates.
c. Attested copy of CNIC.
d. Attested copy of Domicile/ Local Certificate.
e. Attested copy of experience certificate if any (Int experience).
f. **Mailing Address:** HQ FC Balochistan West, Media Cell, Dalbandin.
g. **Email Media Cell:** fcblnwest@hotmail.com
h. Above mentioned documents will be furnished in original before interview in person.
4. **Selection Procedure:-**
a. Initial interview by Bd members at Karachi.
b. **Final** interview of selected candidates at HQ FC Bln (West) Dalbandin.
5. **Employment:-**
a. HQ FC Bln (West) Dalbandin Contract Basis.
b. Probation pd for 1 x years.
c. Salary paid 150k per month.
d. Annual Increment.
e. Risk allowance on good performance.
6. **Help Line Number:** 0335-7573147

PID(Q) 135 / 26

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر 1

موجود ہیں اور تقریب میں دکھائی جانے والی دستاویزی فلموں، طلبہ کے تاثرات اور دانش سکولوں سے فارغ التحصیل طلبہ کی کامیابیوں نے انہیں بے حد متاثر کیا ہے۔

بقیہ نمبر 2

کے باوجود تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے جذبے کو سراہا۔اس موقع پر بچوں نے وزیراعظم کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا۔قبل ازیں، وزیراعظم کو دانش سکول کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ دانش سکول اسلام آباد 30 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے،طلبہ اور طالبات کیلئے الگ الگ اکیڈمک بلاکس بنائے گئے ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس اور روبوٹکس لیبز بنائی گئی ہیں۔ای لائبریری اور آرٹ روم بھی بنائے گئے ہیں، سکول میں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے شروع کی گئی ہیں اور ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کررہی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچوں کو سو فیصد میرٹ پر داخل کیا گیا ہے،38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے اور ضرورت کے مطابق تدریسی سٹاف میں اضافہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ نمبر 3

ہلاکت سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑیں گے،دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 4

چوہدری ندیم افضل چن نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے اس خطے کے عوام کے لیے ایک خصوصی اور تاریخی تحفہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ہسپتال نہ صرف بھلوال بلکہ گردونواح کے اضلاع کوٹ مومن، بھیرہ، منڈی بہاالدین، خوشاب، چکوال اور چنیوٹ کے عوام کے لیے صحت کی جدید اور معیاری سہولیات کا مرکز بنے گا۔ خصوصی طور پر مستحق، نادار اور غریب مریضوں کو گردوں کے امراض کا مفت اور معیاری علاج میسر آئے گا۔ چوہدری ندیم افضل چن کا مزید کہنا تھا: " صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی اور آئینی حق ہے۔ایسے فلاحی منصوبے معاشرے کے محروم اور نادار طبقات کے لیے امید کی نئی کرن ثابت ہوتے ہیں۔ SIUT کی تکمیل سے علاقے کے مریضوں کو بڑے شہروں کا کٹھن اور مہنگا سفر نہیں کرنا پڑے گا اور ان کی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔" انہوں نے اس عزم اور امید کا اظہار بھی کیا کہ ہسپتال کی تعمیر کا کام تیز رفتاری کے ساتھ مکمل کیا جائے گا تاکہ یہ ادارہ جلد از جلد دکھی انسانیت کی خدمت اور عوامی فلاح و بہبود کے ایک مثالی اور عظیم مرکز کے طور پر فعال ہو سکے۔

بقیہ نمبر 5

بڑھانے کے منصوبے پر عمل ہورہا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں قائم 8,345 این جی اوز کیساتھ مستقل رابطے میں ہیں۔ این جی اوز کو منی لانڈرنگ اور دہشت گردوں کی مالی معاونت جیسے خطرات سے بچاؤ کی تربیت دی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 6

واپس لے لی ہے جس کے بعد ایف بی آر ہیڈکوارٹرز اور فیلڈ فارمیشنز میں تمام افسران معمول کے مطابق فرائض انجام دیں گے۔ایسوسی ایشن نے گزشتہ رات گئے جاری اعلامیے میں ہڑتال کی کال واپس لینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر کی مجوزہ تنظیم نو سے متعلق گردش کرنے والے بیانات ابتدائی مشاورت کے دوران سامنے آنے والی اطلاعات کی عکاسی کرتے تھے تاہم انہیں حتمی شکل نہیں دی گئی تھی،اعلامیے کے مطابق ایف بی آر کی اعلیٰ قیادت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان لینڈ ریونیو سروس کے مفادات کو اولین ترجیح دی جائے گی اور اصلاحاتی عمل کے دوران ان کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔آئی آر ایس اوا نے اعلیٰ قیادت کی یقین دہانی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن ان لینڈ ریونیو سروس اور قومی خزانے کے وسیع تر مفاد میں ایف بی آر کے ساتھ تعمیری بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے کی خواہاں ہے۔دوسری جانب ذرائع کے مطابق ایف بی آر انتظامیہ اور حکومت کے شدید دباؤ کے باعث ایسوسی ایشن نے ہڑتال کی کال واپس لی ہے تاہم ایسوسی ایشن کے باضابطہ اعلامیے میں فیصلے کی وجہ اعلیٰ قیادت کی یقین دہانی اور مجوزہ تنظیم نو سے متعلق بیانات کی وضاحت کو قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 7

مزدور جو دن بھر محنت کرکے بمشکل 500 روپے کماتا ہے، وہ اپنے خاندان کے لیے آٹا اور دیگر بنیادی ضروریات کیسے پوری کرے؟دوسری جانب پنجاب سے بلوچستان کو آٹے کی فراہمی پر پابندی عائد کیے جانے کے باعث قلت پیدا ہونے کی شکایات سامنے آرہی ہیں، جس سے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہورہا ہے۔ژوب کے عوامی سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام فوری طور پر آٹے کے بحران کا نوٹس لیں، مہنگائی پر قابو پائیں اور غریب عوام کو سرکاری نرخوں پر سستا آٹا فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کریں، تاکہ کوئی بھی خاندان روٹی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم نہ رہے۔

بقیہ نمبر 8

پھر بے نقاب ہوگیا۔جی ٹی وی کے مطابق انٹیلی جنس ذرائع نے بتایا ہے کہ اپریل 2026 میں بھارتی ہائی کمیشن لندن نے مذکورہ سازشی منصوبے کے لیے کالعدم ایکشن کمیٹی سے رابطہ کیا، جون 2026 میں لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے عہدیدار پرمود کمار چندانی اور بھارتی میڈیا پاکستنرنا کے زکا جیکب کی ملاقات ہوئی۔اس ملاقات میں آزاد جموں و کشمیر میں بدامنی اور کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بیانیے کی تشہیر کے لیے جی ٹی وی کے ذریعے آپریشن شروع کرنے پر غور کیا گیا۔24 جون 2026 کو اظہر احمد، یاسر شفاعت اور ڈاکٹر اشتیاق خالق جیسے فسادی جتھے سے منسلک شرپسندوں کو بھارتی ہائی کمیشن نے آزاد کشمیر میں بدامنی پھیلانے کیلئے چنا گیا۔بھارتی نشریاتی ادارہ پاکستنرنا سے منسلک زکا جیکب کو وسیع میڈیا کوریج کے ذریعے پاکستان مخالف بیانیے کو ہوا دینے کی ذمہ داری سونپی گئی۔جون 2026 کے دوران سازشی منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے بھارتی ہائی کمیشن کا تینوں شرپسندوں کو 17 واٹس ایپ کالز کیے جانے کا انکشاف ہوا، 30 جولائی 2026 کو برطانیہ میں نام نہاد جموں و کشمیر تنظیم ہیومن رائٹس آبزرویٹری (جے کے ایچ آر او) کی رجسٹریشن کی گئی۔جون 2026 کو کالعدم ایکشن کمیٹی نے راولاکوٹ اور آزاد کشمیر کی جھوٹ پر مبنی حالات دکھا کر عالمی برادری سے فوری اقدام کے مطالبہ کی متعدد پوسٹس جاری کیں۔انڈین ہائی کمیشن کی بنائی گئی نام نہاد جموں و کشمیر تنظیم ہیومن رائٹس آبزرویٹری جموں کشمیر ہیومن رائٹس آرگنائزیشن (جے کے ایچ آر او) نے اپنی جھوٹی رپورٹس کے ذریعے فسادی جتھے کے بیانیے کا زہر اگلنا شروع کردیا،حیران کن طور پر صرف چار ماہ پرانی بنائی گئی جے کے ایچ آر او، جس کی کوئی ساکھ نہیں،ایسی نام نہاد تنظیم کے من گھڑت بیانیے کو دی انڈیپنڈنٹ، ٹائمز نا، کشمیر ٹائمز سمیت متعدد میڈیا اداروں نے اپنی رپورٹس سے مزید پھیلایا۔بھارتی ہائی کمیشن سے وابستہ پرمود کمار چندانی ہیومن رائٹس آبزرویٹری (جے کے ایچ آر او) کی رجسٹریشن میں نامزد پائے گئے جس سے مذموم سازش کا پردہ چاک ہوگیا

بقیہ نمبر 9

شہدا کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سانحہ کارساز اور سانحہ لیاقت باغ کو ایک ہی سازش کی کڑی سمجھتی ہے، کارساز میں کاروان جمہوریت کی ٹرک پر موجود پیپلز پارٹی کی پوری قیادت کو نشانہ بنانے کی سازش کی گئی تھی اور کارساز و لیاقت باغ سانحوں میں شہید بینظیر بھٹو اور کارکنان کو شہید کرکے عوام کی امیدوں کا قتل کیا گیا۔نثار کھوڑو نے کہا کہ ہم کارساز سانحے کے 180 سے زائد شہدا اور 500 سے زائد زخمیوں کو خراج عقیدت و خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر کو جس ٹرک پر شہید بینظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی کے رہنما موجود تھے اس کے آگے شاہراہ فیصل کی اسٹریٹ لائٹس کس کے کہنے پر بند کی گئی تھیں؟انہوں نے بتایا کہ سکیورٹی خدشات کے باوجود شہید محترمہ کو مطلوبہ سکیورٹی فراہم نہیں کی گئی، جائے واردات کو دھو کر فرانزک شواہد مٹائے گئے۔نثار کھوڑو نے مطالبہ کیا کہ سانحہ کارساز میں سابق وزیراعلیٰ ارباب غلام رحیم اور سابق مشیر داخلہ وسیم اختر کو شامل تفتیش کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی قربانیوں کے باوجود ملک میں آئین، قانون اور پارلیمنٹ کی بالادستی اور جمہوریت کے تسلسل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ نمبر 10

ذرائع کے مطابق حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، حادثے میں پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا۔ جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو کچھ عرصہ قبل بیرون ملک سے پاکستان آئے تھے، ان کے خاندان کا پہلے بھی ایک پائلٹ بلوچستان میں حادثہ میں جاں بحق ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 11

پالیسیوں کی وجہ سے تباہ حال اسکولوں کی ویڈیوز نے سابقہ حکومت اور انتظامیہ کے بلند وبانگ دعوؤں کا پول کھول دیا۔

بقیہ نمبر 12

65.4 فیصد کا غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا،سال 2025 کے 4,100 داخلوں کے مقابلے میں بھی رواں سال تقریباً 8 فیصد اضافہ ہوا . خزاں 2023 میں 3000 جبکہ 2024 میں 2,600 طلبہ نے داخلہ لیا تھا . سال 2025 میں 57.7 فیصد اضافے کے ساتھ 4,100 داخلے مکمل ہوئے تھے، سمسٹر خزاں 2026 میں داخلوں کی تعداد ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی. وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کا کہنا تھا داخلوں میں ریکارڈ اضافہ تعلیمی معیار پر عوامی اعتماد کا واضح ثبوت ہے،وی سی ڈاکٹر قمر الزمان کی لیڈرشپ، انتظامی افسران اور ایڈمیشن ٹیموں کو تاریخی کامیابی پر مبارکباد دی گئی، روایتی زراعت کے ساتھ آئی ٹی، انجینئرنگ اور مینجمنٹ سائنسز میں بھی طلبہ کی بھرپور دلچسپی رہی . ترجمان ڈاکٹر ندیم احمد ملک کا کہنا تھا کہ طلبہ کا بارانی یونیورسٹی کا انتخاب ادارے کی اعلیٰ ساکھ اور جدید لیبز پر اعتماد ہے۔

بقیہ نمبر 13

کلومیٹر طویل وائٹ آئل پائپ لائن کی منظوری میں معاونت فراہم کی۔ایس آئی ایف سی کی معاونت سے جیٹ گرین کے 3 ملین ڈالر کے نجی ایئر لائن منصوبے کی زیر التوا منظوریوں کو کلیئر کیا گیا۔صحت کے شعبے میں ویکسین پالیسی،ادویات کی جانچ اور معدنیات میں ویلیو ایڈیشن پر کام آگے بڑھایا گیا۔ایس آئی ایف سی نے چین، سعودی عرب، امریکا، آسٹریلیا اور جاپان کے ساتھ سرمایہ کاری روابط بھی وسیع کیے۔

بقیہ نمبر 14

کے مطابق پنجاب میں 8 ایف ایم ڈی کمپارٹمنٹ نوٹیفائی کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

ہراسانی سے متعلق شکایات میں نمایاں اضافہ ہوا، مالی فراڈ کی شکایات 49 ہزار 982 سے بڑھ کر 71 ہزار 51 تک پہنچ گئیں۔

بقیہ نمبر 16

۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو نے مشکلات، دھمکیوں اور سنگین خطرات کے باوجود پاکستان واپسی کا فیصلہ کرکے عوام کے ساتھ اپنے غیر متزلزل تعلق اور جمہوری جدوجہد سے اپنی وابستگی کا ثبوت دیا۔

بقیہ نمبر 17

کارساز میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو نشانہ بنا کر عوام کی امیدوں کا قتل کیا گیا

بقیہ نمبر 18

سیاحت، زراعت، دفاع، بحری سلامتی اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق مالدیپ کے صدر محمد معیزو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کررہے ہیں جبکہ ان کے ہمراہ خاتون اول ساجدہ محمد، کابینہ کے وزراء اور اعلیٰ حکام پر مشتمل وفد بھی پاکستان آئے گا۔مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو دورے کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے جو ان کے اعزاز میں سرکاری ضیافت بھی دیں گے۔ مالدیپ کے صدر وزیراعظم محمد شہباز شریف سے علیحدہ اور وفود کی سطح پر مذاکرات بھی کریں گے۔ دونوں رہنما تجارت، سرمایہ کاری، صحت، تعلیم، سیاحت، زراعت، دفاع، بحری سلامتی اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کا جائزہ لیں گے اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔دورے کے دوران پاکستان مالدیپ بزنس فورم کا انعقاد بھی ہوگا جس کا مقصد دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط کو فروغ دینا اور تجارت و سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنا ہے۔ اس موقع پر دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط بھی متوقع ہیں۔مالدیپ کے کسی صدر کا 11 سال بعد پاکستان کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہے، جسے دونوں ممالک کے درمیان 1966 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ کے تناظر میں خصوصی اہمیت حاصل ہے۔پاکستان اور مالدیپ مشترکہ مذہبی اقدار، باہمی احترام، دیرینہ خیرسگالی اور علاقائی و عالمی فورمز پر قریبی تعاون پر مبنی دوستانہ برادرانہ تعلقات رکھتے ہیں۔ یہ دورہ دونوں ممالک کی جانب سے دوطرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے

بقیہ نمبر 19

کی اجازت نہیں ہوگی۔پابندی کے زمرے میں ٹریکٹر ٹرالیاں، ٹرالرز، ٹرک، لوڈرز اور کنسٹرکشن مشینری بھی شامل ہیں۔ مقررہ اوقات کی خلاف ورزی کرنے والی ہیوی ٹریفک کے خلاف صرف چالان نہیں بلکہ مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ رات کے وقت ہیوی ٹریفک کو قافلوں کی صورت میں مرحلہ وار شہر میں داخل کیا جارہا ہے، جبکہ آئل ٹینکرز کو بھی مقررہ اوقات میں ہی نقل و حرکت کی اجازت ہوگی۔سید عبدالرحیم شیرازی نے کمرشل گاڑیوں کی مقررہ باڈی سے باہر نکلے ہوئے سامان کو بھی حادثات کی ایک بڑی وجہ قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا ہے۔سی ٹی او لاہور کے مطابق کمرشل گاڑیاں شہر کی مجموعی ٹریفک کا صرف 4.5 فیصد ہیں،لیکن یہ 44 فیصد ٹریفک حادثات میں ملوث پائی گئی ہیں۔ان اعداد و شمار کی روشنی میں کمرشل اور ہیوی گاڑیوں کی چیکنگ مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 20

ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ اتوار کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے 8 بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات کو سراہا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی نمایاں کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ نمبر 21

مالیاتی اور ترقیاتی سرگرمیوں سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈاکٹر احسان بھٹہ کی خصوصی ہدایات پر ڈائریکٹر لیز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ اور دو پٹواریوں پر مشتمل خصوصی ٹیموں نے رحیم یار خان، راجن پور اور مٹھن کوٹ کے اوقاف زونز کا دورہ کیا، جہاں سینکڑوں ایکڑ وقف اراضی پر غیر قانونی کاشت کا انکشاف ہوا۔

بقیہ نمبر 22

ہے۔غلام رسول نے اپنی طویل ملازمت کے دوران ایف ڈی اے کے لیے خدمات انجام دیں اور ادارے کے امور کی انجام دہی میں اپنا حصہ ڈالا، ان کی طویل وابستگی اور تجربہ ادارے کا قابل قدر اثاثہ ہے۔

بقیہ نمبر 23

زید الحسن، سیدہ عروج فاطمہ، اور طاہر محمود سمیت دیگر سماجی رہنما بھی موجود تھے۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے تجربات اور وسائل کو شیئر کرتے ہوئے مشترکہ فلاحی منصوبوں کو فروغ دیں گے۔ اجلاس میں مستقبل کے لائحہ عمل، باہمی رابطہ کاری، اور اتحاد کے اصول وضوابط پر بھی گفتگو ہوئی۔ منتظمین کا کہنا تھا کہ اس اتحاد کا مقصد خدمت خلق کے جذبے کو مزید مربوط بنانا اور فیصل آباد میں سماجی سرگرمیوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم کے ذریعے آگے بڑھانا ہے۔

بقیہ نمبر 24

بنانے، برآمدات میں تنوع لانے اور سرمایہ کاری کے بہاؤ کو آسان بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں سرحد پار تجارت میں حائل طریقہ کار کی رکاوٹوں کو دور کرنے پر بھی بات چیت ہوئی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کیلئے متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا اور تمام متعلقہ حکام کو قابل عمل تجاویز تیار کرنے کی ہدایت کی۔اسحاق ڈار نے کہا کہ مواقع کو ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کیلئے بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 25

ڈاکٹر عمر حیات انصاری، سابق صدر ڈسٹرکٹ بار رانا اظہر خان ایڈووکیٹ ، میاں رفعت قادری ایڈووکیٹ ،شیخ اعجاز احمد شیخ توقیر سرور ، ایڈووکیٹ اقبال عظمی ایڈووکیٹ ، چیئرمین ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز خالد حیات کموکا، جوائنٹ سیکرٹری بار ساجد شکیل ملک ایڈووکیٹ ، نائب صدر بار رانا راشد علی خاں ایڈووکیٹ ، محمد اشتیاق عظیمی ، محمد اشرف بسل ، دیگر نے کیا مذکورہ تقریب میں وکلا برادری ، سیاسی ، سماجی ، کاروباری شخصیات اور سول سوسائٹی سے متعلقہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 26

پیغام میں کراچی پریس کلب کے عہدیداروں نے اظہر عباس کو صدر اور حافظ طارق محمود کو سیکرٹری جنرل منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے محمد عثمان اور میاں طاہر کو نائب صدور، ریحان احمد اور ندیم جمال کو جوائنٹ سیکریٹریز جبکہ شہاب محمود کو فنانس سیکریٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی۔فاضل جمیلی، اسلم خان اور مجلس عاملہ نے ایمنڈ کی نومنتخب مجلس عاملہ کے ارکان کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، آزادی صحافت کے فروغ اور صحافتی اقدار کی پاسداری کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔انہوں نے کہا کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوری معاشرے کے استحکام، عوام تک درست معلومات کی فراہمی اور قومی مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔کراچی پریس کلب نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایمنڈ کی نئی قیادت میڈیا کو درپیش مسائل کے حل اور صحافتی برادری کے اتحاد کے لیے بھی اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 27

کے خلاف مشترکہ موقف اختیار کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف سخت عملی پراپوزیشن کو اعتماد میں لیتی ہے، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ عملی اقدامات اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاست اور پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قومی سلامتی پر ذمہ دارانہ گفتگو کا تقاضا کرتی ہیں، قومی سلامتی سیاست سے بالاتر ہے، ریاست کو سیاست کی نذر نہ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 28

کیے جارہے ہیں جہاں اب تک بالترتیب 59 اور 127 درخت ٹرانسپلانٹ ہوچکے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ میٹرو بس روٹس کی زد میں آنے والے مجموعی طور پر 795 درختوں میں سے تینوں آرچرڈ میں اب تک 352 درخت ری پلانٹ کردیئے گئے ہیں جبکہ باقی درختوں کی ٹرانسپلانٹیشن کا کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔کمشنر فیصل آباد نے ہارٹیکلچر ایجنسی اور سیو دی ٹری تنظیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اہلیان فیصل آباد کو آرچرڈ میں وزٹ کی دعوت دی اور کہا کہ شہری فیملیز کے ساتھ رخ کریں۔انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور آج فیصل آباد کے شہریوں نے ثابت کیا کہ وہ اپنے ماحول کو تروتازہ رکھنے اور درختوں کی حفاظت میں کسی سے کم نہیں۔انہوں نے کہا کہ درختوں کی حفاظت، نسلوں اور ثقافت کی حفاظت ہے جسے مستقل بنیادوں پر جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 29

کو پاکستان کے بہتر ہوتے معاشی حالات، زرمبادلہ ذخائر میں اضافے اور مستقبل کے معاشی امکانات سے آگاہ کیا۔بینک دولت پاکستان کے مطابق گورنر جمیل احمد نے بینکاک میں 12 سے 17 اکتوبر کے دوران منعقد ہونے والے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں اور سرمایہ کاروں سے ملاقاتیں کیں۔

بقیہ نمبر 30

ان کی مشاورت اور راہنمائی کے خواہاں ہیں۔سابق صدر فاروق یوسف شیخ نے امت مسلمہ، پاکستان اور فیصل آباد چیمبر کی کامیابی کیلئے دعا کی اور کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ عارف احسان ملک اپنے روڈ میپ پر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ روزمرہ کے معمولات کو بھی انتہائی احسن طریقے سے نمٹا رہے ہیں۔انہوں نے نئے عہدیداروں کی کامیابی کیلئے دعا کی اور انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔آخر میں سابق صدر فاروق یوسف شیخ نے عارف احسان ملک کو تحائف پیش کیے اور خصوصی دعا بھی کی۔وہ چیمبر سٹاف کے ساتھ بھی فرداً فرداً ملے اور ان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 31

یو اہلکاروں کو قرار دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق رپورٹ میں جھگڑے کے دوران ڈی ایس پی کو زخمی کیے جانے کا بھی ذکر ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ انکوائری ڈی آئی جی ساؤتھ نے کی تھی اور رپورٹ کی روشنی میں جھگڑے میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔پولیس کے مطابق تیموریہ تھانے کی پولیس نے شارٹ ٹرم اغوا کے ایک مقدمے میں ایک ملزم کو گرفتار کیا تھا۔اس کی نشاندہی پر مزید ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری تھی، اسی دوران تین ملزمان موقع پر پہنچے تو انہیں گرفتار کرلیا گیا۔رپورٹ کے مطابق گرفتاریوں کے بعد ایس ایس پی ایس آئی یو مسیح اللہ سومرو کی ہدایت پر ایس آئی یو اہلکار بھی موقع پر پہنچے، جہاں ضلعی پولیس اور ایس آئی یو اہلکاروں کے درمیان تلخ کلامی کے بعد جھگڑا ہوگیا۔پولیس حکام کے مطابق شارٹ ٹرم اغوا کے مقدمے میں چار ملزمان ضلع وسطی پولیس کی تحویل میں ہیں، جبکہ پانچویں مفرور ملزم کی تلاش جاری ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مفرور ملزم بھی پولیس اہلکار ہے۔

بقیہ نمبر 32

سٹی رنگ تقریب گوہرانہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن عثمان غنی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے شہر بھر میں سٹریٹ لائٹس کی بحالی، اہم شاہراہوں، گلی محلوں اور بازاروں میں غیر فعال لائٹس کی نشاندہی اور فوری چالو کرنے کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تمام تحصیلوں میں سٹریٹ لائٹس کی بحالی، باقاعدہ مانیٹرنگ اور شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ روشن سڑکیں نہ صرف شہریوں کے محفوظ سفر میں معاون ہوتی ہیں بلکہ شہر کو خوبصورت، صاف ستھرا اور بہتر شہری ماحول کی عکاسی بھی کرتی ہیں۔ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں تاکہ شہریوں کو بہتر میونسپل سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ نمبر 33

جائزہ غفلت کے مرتکب افراد اور سکول انتظامیہ کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی ہونی چاہیے۔جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ سانحہ سے ہر دل رنجیدہ اور آنکھ اشکبار ہے ۔ ملک بھر میں سکولوں کی حفاظت اور ایسے واقعات سے بچنے کے لیے عمارتوں کے معیار کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی جانوں کا ضیاع ایک بہت بڑا المیہ ہے۔نجی سکولوں کی عمارتوں کی حالت زار قابل تشویش ہے۔انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی نجی سکولوں کے ڈھانچے اور سیفٹی کے لئے کام کررہی ہیں، اور ایسے حادثات کی روک تھام کے لیے ملک بھر میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 34

دہشت گردی قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گرد، دہشتگرد ہوتا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت ہونی چاہیے۔سیاسی پارٹیوں پر حملے ہوئے، پی ٹی آئی کے کسی رہنما یا احتجاج پر بھی کوئی دہشت گردی نہیں ہوئی، بانی پی ٹی آئی نے کالعدم ٹی ٹی پی کا دفتر پاکستان میں کھولنے کی بات کی۔کالعدم ٹی ٹی پی نے گورنر راج کے خلاف اور پی ٹی آئی کے حق میں پریس ریلیز جاری کی، گورنر راج کا مقصد صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ ہے، دہشت گرد گروپوں کا ساتھ دینے والوں سے ریاستی ادارے نمٹیں گے۔

بقیہ نمبر 35

انکوائری کرائی جائے اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی المناک اموات نے ہر دل کو افسردہ کردیا ہے،اس دلخراش واقعے کے ذمہ داروں کا تعین کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جانی چاہیے، انہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق اسکول کی چھت کی تعمیر میں روایتی لینٹر کے بجائے پہلے سے تیار شدہ چھتوں کا استعمال کیا گیا تھا، مبینہ طور پر دوسری منزل کی چھت گرنے سے ملبہ نچلی چھت پر آگرا، جس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوا، انہوں نے اس پہلو سمیت تعمیراتی معیار اور حفاظتی انتظامات کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔انہوں نے گورنر خیبر پختونخوا سے اپیل کی کہ صوبے بھر کے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کا فوری سیفٹی آڈٹ کرانے کے احکامات جاری کیے جائیں

بقیہ نمبر 36

ہے،اور بورڈ کی جانب سے باقاعدگی سے ان ایوارڈز کا انعقاد کرکے ادیبوں اور شاعروں کی پذیرائی کرنا ایک عظیم اور یادگار ادبی خدمت ہے۔ پرنسپل کالج ڈاکٹر عبدالرحمن نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ایسے یادگار ادبی پروگراموں کا انعقاد طلبہ اور اساتذہ کے اندر اپنی مادری زبان سے محبت اور لگاؤ کو پروان چڑھاتا ہے۔تقریب میں معروف شاعر بابا بھگو بھیرا کو ان کی شاندار خدمات پر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا گیا جبکہ شوکت مغل، خان حنیف احمد خاور، انور علی بھٹی، غیور عباس، مظہر علی حیدری، احمد رضا بھٹی، ڈاکٹر عارف حسین عارف، ڈاکٹر صائمہ اقبال، فاطمہ سعدیہ، امجد عارفی، سیف علی اعوان، تبسم بٹالوی اور ڈاکٹر محمد ایوب کو ان کی بہترین کتابوں پر ایوارڈز سے نوازا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر ڈاکٹر مشتاق عادل نے تمام معزز مہمانوں اور شرکا تقریب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 37

روح ہے اور نجات کا ذریعہ ہے۔قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے سچوں کے ساتھ ہونے کا حکم دیا ہے اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا سچ انسان کو نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف۔ جبکہ جھوٹ تمام برائیوں کی جڑ ہے، جھوٹ انسان کو فجور کی طرف لے جاتا ہے اور فجور جہنم کی طرف۔ جھوٹ سے معاشرے میں بداعتمادی، نفاق اور فساد جنم لیتا ہے، اس لیے ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ ہر حال میں سچ بولے اور جھوٹ سے اجتناب کرے۔اس بابرکت محفل کی میزبانی مرزا برادران نے کی۔ محفل میں مہمانان گرامی میں صاحبزادہ غلام فرید نظامی، میاں ساجد الرحمن چاقی ایس کریم والے، مرزا محمد اویس چیئرمین، مرزا محمد اشرف مغل چیئرمین، حاجی عبدالرؤف طیبہ انڈسٹری والے، چوہدری اسرار کمبوہ و علماء کرام، مشائخ عظام و عاشقان رسول ﷺ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔شرکائے محفل میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔محفل کے اختتام پر پیر سید محمد سعید الحسن شاہ نے ملکی سلامتی، امت مسلمہ کی سربلندی اور مرزا برادران کے والدین کریمین اور تمام امت مرحومہ کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔اللہ پاک مرزا برادران کی اس نیک کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے۔ آمین

بقیہ نمبر 38

عوام کے حقوق اور وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جائے، باڑہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ نمبر 39

ڈرانے، دھمکانے، گرفتار کرنے اور تشدد کا نشانہ بنانے سے گریز کریں۔جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اقتدار کسی کو عوام کی تذلیل، سیاسی مخالفین کی توہین اور شہریوں کے بنیادی حقوق پامال کرنے کا اختیار نہیں دیتا، اقتدار عارضی ہوتا ہے،لیکن ظلم، جبر اور سیاسی انتقام کی داستانیں تاریخ میں سیاہ باب کے طور پر درج ہوتی ہیں۔رہنماؤں نے کہا کہ پولیس اور انتظامیہ عوام کی خدمت، قانون کی پاسداری اور شہریوں کے تحفظ کیلئے ہیں، نہ کہ حکمرانوں کی خوشنودی حاصل کرنے اور سیاسی مخالفین کو خوف زدہ کرنے کیلئے۔ سرکاری مشینری کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اور سیاسی اختلاف کو طاقت کے ذریعے دبانے کی کوشش غیر مناسب ہے۔ انہوں نے حکومت اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ قانون کا احترام کریں، اپنی حدود میں رہیں اور سیاسی رہنماؤں کی عزت و وقار کا خیال رکھیں۔ بصورت دیگر جمعیت علمائے اسلام بھرپور عوامی و جمہوری احتجاج کرنے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ نمبر 40

والی غلط معلومات میں بھی مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔"پاکستان میں تمباکو نوشی اب بھی صحت عامہ کا سب سے بڑا مسئلہ ہے، مگر اب نکوٹین پاؤچز اور ای سگریٹ جیسی متبادل مصنوعات کے استعمال میں بھی نمایاں اضافہ سامنے آیا ہے۔ گلوبل ایڈلٹ ٹوبیکو سروے 2024 کے مطابق پاکستان میں 16.1 فیصد بالغ افراد تمباکو استعمال کرتے ہیں۔اعداد و شمار کے مطابق ملک میں 2 کروڑ 20 لاکھ سے زیادہ افراد کسی نہ کسی شکل میں تمباکو کو استعمال کرتے ہیں، جن میں سے صرف 24.1 فیصد افراد نے گزشتہ ایک برس کے دوران اپنی اس عادت کو ترک کرنے کی کوشش کی۔ارشد علی سید نے کہا کہ متبادل مصنوعات کے استعمال سے متعلق عمری پابندیوں پر عمل درآمد میں کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے۔نوجوانوں کو کسی بھی صورت میں ان مصنوعات تک رسائی حاصل نہیں ہونی چاہیے۔ ان کے مطابق بدقسمتی سے عمری پابندیوں سے متعلق اقدامات پر سختی سے عمل درآمد کا فقدان ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں پاکستان بھر میں صوبائی اور مقامی انتظامیہ کا کردار انتہائی اہم ہے۔ "چونکہ صحت صوبائی معاملہ ہے،اس لیے یہ صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ متبادل مصنوعات کی فروخت اور ان کے استعمال سے متعلق پالیسیاں اور قواعد و ضوابط وضع کریں۔" ارشد علی سید نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پالیسی سازی کے ساتھ ساتھ درست معلومات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جانی چاہیے، جس سے یہ واضح ہوسکے کہ یہ مصنوعات کون استعمال کرے اور کون نہ کرے۔

بقیہ نمبر 41

جمیل عطا فرمائے۔ ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ آئے روز پیش آنے والے حادثات اور ادارے کی مسلسل زبوں حالی اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، ناکام پالیسیوں اور انتظامی حکمت عملی کا سنجیدہ جائزہ لیں اور ادارے کی بہتری کے لیے مؤثر فیصلے کریں انہوں نے سانحہ ٹرین رحمان بابا ملتان میں ہلاک ہونے والے افراد کے لواحقین سے بھی اظہار تعزیت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریلوے جیسے اہم قومی ادارے کو نمائشی دوروں اور سوشل میڈیا پر تشہیری سرگرمیوں کے بجائے سنجیدہ اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ٹریکس، کوچز اور انجنوں کی مرمت و دیکھ بھال بہتر بنائی جائے، ضروری پرزہ جات اور دیگر وسائل کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے اور ایم ایل ون (ML-1) منصوبے پر عملی پیش رفت کی جائے تاکہ ریلوے کے نظام کو محفوظ، مؤثر اور قابل اعتماد بنایا جاسکے۔ریلوے کی بحالی قومی مفاد کا تقاضا ہے۔اس مقصد کے لیے محض اعلانات کافی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر اصلاحات، میرٹ پر بھرتیاں، وسائل کی فراہمی اور مؤثر نگرانی ناگزیر ہے۔ ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ ریلوے میں مستقل بنیادوں پر نئی بھرتیاں کی جائیں، خالی آسامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر پر کیا جائے۔

بقیہ نمبر 42

ہر دل کو افسردہ کردیا ہے اس دلخراش واقعے کے ذمہ داروں کا تعین کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جانی چاہیے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے، انہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق سکول کی چھت کی تعمیر میں روایتی لینٹر کے بجائے پہلے سے تیار شدہ چھتوں کا استعمال کیا گیا تھا، مبینہ طور پر دوسری منزل کی چھت گرنے سے ملبہ نچلی چھت پر آگرا جس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوا، انہوں نے اس پہلو سمیت تعمیراتی معیار اور حفاظتی انتظامات کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے گورنر خیبر پختونخوا سے اپیل کی کہ صوبے بھر کے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کا فوری سیفٹی آڈٹ کرانے کے احکامات جاری کیے جائیں، تاکہ اسکولوں کی عمارتوں کی مضبوطی اور طلبہ کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے اور مستقبل میں ایسے سانحات سے بچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 43

صدمے اور رنج و غم میں مبتلا ہے۔ہم متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اسکول بچوں کے لیے محفوظ پناہ گاہیں ہونے چاہئیں۔خستہ حال اور کمزور کثیر المنزلہ عمارات میں تعلیمی ادارے چلانا ہمارے بچوں کی زندگیوں کے ساتھ ناقابل معافی مجرمانہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ سانحہ ایک تین منزلہ عمارت میں پیش آیا جسے ایک فلاحی ٹرسٹ کے زیر انتظام چلایا جارہا تھا۔ پشاور کے سینئر پولیس حکام کے مطابق عمارت کی چھت غیر معیاری روایتی ٹائلوں سے تعمیر کی گئی تھی جس کی وجہ سے یہ حادثہ رونما ہوا۔ایف سی سی آئی کے صدر نے اسکول انتظامیہ کے خلاف فوری قانونی کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے زور دیا کہ صرف سزا دینے کے اقدامات سے نظام کی بنیادی خامیوں کا ازالہ نہیں ہوسکتا۔انہوں نے صوبائی حکومتوں اور مقامی ترقیاتی اداروں پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر ملک بھر میں تعلیمی عمارات کے جامع معائنے اور حفاظتی جانچ کی خصوصی مہم شروع کریں تاکہ کسی بھی ممکنہ سانحہ کی بروقت نشاندہی کرکے انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔انہوں نے خاص طور پر فیصل آباد کے تعلیمی اداروں کی عمارتوں کے فوری معائنے اور خستہ حال عمارت کی فوری مرمت کا بھی مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 44

ملزم سعید احمد نے 35 لاکھ کی رقم لیکر رفو چکر ہو گیا' گلبرگ کے رہائشی شہاب نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ ملزم بلال نے 20 لاکھ کی رقم ادھار لیکر واپس نہ کئے۔ ریلبازار پولیس کو درخواست گزارتے عثمان کا کہنا ہے کہ ملزم رفیق نے سوالاکھ کی رقم لیکر بدلے میں چیک دیا جو کہ بوگس نکلا۔ جڑانوالہ کے رہائشی سردار کا کہنا ہے کہ ملزم شکیل نے لاکھوں روپے مالیت کا کپڑا لیکر بدلے میں چیک دیا جو کیش نہ ہوسکا۔علاوہ ازیں اکبر علی نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ اس کے جاننے والے ملزم احمد نے کاروبار کا جھانسہ دیکر 27 لاکھ کی رقم لیکر ہڑپ کرلی' پولیس نے جعلی چیک دینے کے الزام میں مقدمات درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ نمبر 45

میں فیصل آباد کا حصہ 20 فیصد ہے جبکہ مجموعی ملکی برآمدات میں بھی یہ شہر 15 فیصد کا حصہ ڈال رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ پہلے صرف ٹیکسٹائل اس شہر کی شناخت تھی مگر اب اس کے صنعتی پورٹ فولیو میں اضافہ ہوگیا ہے۔انہوں نے امن وامان کو سرمایہ کاری کیلئے بنیادی شرط قرار دیا اور کہا کہ اس مقصد کیلئے پولیس کے جوان زبردست قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے پولیس سے مستقل رابطے کیلئے لائزن آفیسر کی نامزدگی، سہ ماہی بنیادوں پر چیمبر میں کھلی کچہری لگانے ، تھانہ کلچر، پٹرولنگ کے نظام میں بہتری، سیف سٹی میں نجی شعبہ کے تعاون سے مزید کیمروں میں اضافہ، منشیات کا خاتمہ، خواتین کے تحفظ، پیشہ ور بھکاریوں اور بھتہ خوری کے خاتمے کا بھی مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 46

منزل سے اتر رہا تھا کہ اچانک سیڑھیوں سے پاؤں پھسلنے سے نیچے فرش پر گر پڑا، سر میں شدید چوٹ آنے پر تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا جہاں پر ڈاکٹروں نے اس کی جان بچانے کی سرتوڑ کوشش کی لیکن دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا تاہم ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا۔

بقیہ نمبر 47

لیا،625 گ ب کے آصف سے 60 ہزار و فون، رضا آباد شریف چوک کے قریب اعظم سے موٹر سائیکل چھین لی،قصبہ تاندلیانوالہ کے عرفان سے موٹر سائیکل ' نقدی چھین لی، 426 گ ب کے محمد علی سے نقدی و فون چھین لی، بیم نہر سمندری کے قریب ارسلان سے 25 ہزار کا بیگ چھین لیا

بقیہ نمبر 48

گورنر راج کے نفاذ کا بھرپور خیر مقدم کیا ہے۔

بقیہ نمبر 49

لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کرنے کا اعلان کرے انہوں نے کہا کہ عوام بجلی، گیس، پٹرول، آٹا اور چینی سمیت ہر بنیادی ضرورت کی بڑھتی قیمتوں سے تنگ آچکے ہیں، لوگ گھروں کے کرائے اور بچوں کی فیسیں ادا کرنے کے قابل نہیں رہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود پاکستان میں عوام کو ریلیف نہیں دیا گیا۔حکمرانوں نے پٹرول مہنگا کرکے اور لیوی عائد کرکے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کردیا ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ،وزیراعظم میاں شہباز شریف ،صدر آصف زرداری سے اپیل کی ہے کہ وہ مہنگائی پر قابو پانے کو اپنی پہلی ترجیح بنائیں ، علاوہ ازیں ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے مالکان و ڈرائیور عملہ نے اپنے ہی خود ساختہ کرائے طے کررکھے ہیں جن کی بدولت عوام سے لوٹ مار کی جارہی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے تیل کی قیمتوں میں ملکی وعالمی سطح پر روز بروز کمی واقع ہورہی ہے جبکہ بس ویگن و دیگر ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے کرائے آئے روز بڑھ رہے ہیں آسمان کی بلندیوں کو چھو رہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے آئی تھی اور 300 بجلی کے یونٹ فری کرنے تھے اور مہنگائی اور بے روزگاری سے نجات کے اعلانات کے گئے تھے مگر افسوس اس وقت بڑی تعداد میں بجلی اور گیس مہنگی ہونے سے انڈسٹریز بند ہوچکی ہے بے روزگاری میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے ،پنجاب حکومت کے تمام دعوے اور اعلانات دھرے کے دھرے رہ گئے

بقیہ نمبر 50

اظہار سیاسی وسماجی اور مذہبی شخصیت خالد محمود اعظم آبادی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔

بقیہ نمبر 51

ساتھ منائی جائے گی برسی کی تقریب دو نشستوں پر مشتمل ہوگی پہلی نشست نماز ظہر کے بعد قرآن خوانی پر مشتمل ہوگی جس میں مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی ہوگی دوسری نشست نعتیہ مشاعرہ اور اظہار خیال پر مشتمل ہوگی جس کا آغاز ساڑھے تین بجے ہوگا صدارت پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید کریں گے مہمانان خصوصی سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد اعجاز ورک پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد قادری ممبر پنجاب اسمبلی الحاج بشارت علی ڈوگر سابق چیئرمین یونین کونسل شیخ عبدالاشفاق ہوں گے جبکہ مہمانان اعزاز سید فاروق حسین شاہ پروفیسر سید یونس جیلانی ڈاکٹر اظہار احمد گلزار اور محبوب نظامی ہوں گے مہمانان گرامی میں میاں بشیر اعجاز شہزاد بیگ حمید شاکر ،سرور خان سرور ،ہارون نسیم ایڈووکیٹ اقبال عظمی ایڈووکیٹ عارف ایاز حافظ محمد الیاس سرفراز ناز ہوں گے نقابت کے فرائض پروفیسر ریاض احمد قادری اور سرفراز احمد رازی انجام دیں گے اس کے علاوہ تمام حاضرین شرکا تقریب مہمانان گرامی میں شمار ہوں گے نماز مغرب کے ساتھ ہی خصوصی دعا ہوگی اور آخر میں لنگر تقسیم کیا جائے گا ۔ تقریب کا اہتمام کاکاتی فورم فیصل آباد نے کیا ہے

بقیہ نمبر 52

کی جائیں گی جہاں ہر طالب علم خود کو محفوظ، باعزت اور تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کے قابل محسوس کرے۔ طلبہ کی ضروریات کو سمجھنا، ان کی آواز متعلقہ ذمہ داران تک پہنچانا اور درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا بھی نئی قیادت کی ترجیحات میں شامل ہوگا۔اس موقع پر کہا گیا کہ تعلیمی اداروں کی ترقی صرف عمارتوں اور سہولیات کی بہتری تک محدود نہیں بلکہ طلبہ کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تربیت،ان کے حقوق کا احترام اور محفوظ تعلیمی ماحول بھی ترقی کے بنیادی تقاضے ہیں۔نو منتخب عہدیداران باہمی مشاورت اور طلبہ کے تعاون سے کیمپس میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 53

اجلاس میں مستقبل کے لائحہ عمل، باہمی رابطہ کاری،اور اتحاد کے اصول وضوابط پر بھی گفتگو ہوئی۔ منتظمین کا کہنا تھا کہ اس اتحاد کا مقصد خدمت خلق کے جذبے کو مزید مربوط بنانا اور فیصل آباد میں سماجی سرگرمیوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم کے ذریعے آگے بڑھانا ہے

بقیہ نمبر 54

بھی ثبوت ہے کہ پاکستانی قوم جمہوریت کی خاطر ہر مشکل کا مقابلہ کرنے اور جیتنے کا عزم رکھتی ہے۔عامر عبدالغفار لون نے سانحہ کارساز کی برسی پر جاری کردہ اپنے پیغام میں کہا کہ اس ہولناک اور خونریز سانحے کا غم و غصہ آج بھی قوم کے ذہنوں میں کل کی طرح تازہ ہے آج کے دن ہم سانحہ کارساز کے 180 شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے رحمت کے طلبگار ہیں۔

بعدالت جناب نصیر احمد صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 15 واقع موضع بلو شہابل تحصیل وضلع جھنگ فیض کلثوم بنام ریاض احمد ولد فیض احمد قوم جٹ سپرا احمد نواز، محمد عارف احمد نواز محمد بخش حاکم علی ،حاکم علی، حاجی محمود محمد بخش پسران اللہ دتہ سکنائے موضع بلو شہابل تحصیل وضلع جھنگ مسئول علیم بتقرر 22/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کاروائی ہوگی

بعدالت جناب نصیر احمد صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 387/378 واقع موضع سلطان پور تحصیل وضلع جھنگ جہانگیر خان وغیرہ بنام انور محمد ظفر پسران ہمایوں عمر دراز صابر علی صادق علی مدثر عباس حاکم علی پسران محمد ظفر غلام عباس ولد مشتاق احمد علی عدنان ولد غلام عباس اقوام جٹ احمد حسن علی ولد غلام عباس سکنائے موضع سلطان پور تحصیل وضلع جھنگ مسئول علیم بتقرر 22/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کاروائی ہوگی

بعدالت جناب نصیر احمد صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 5 واقع موضع بلو شہابل تحصیل وضلع جھنگ ثروت صغراء بنام ریاض احمد ولد فیض احمد قوم جٹ سپرا ذوالفقار علی ولد فیض احمد قوم سپراء سکنائے موضع بلو شہابل تحصیل وضلع جھنگ مسئول علیم بتقرر 22/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کاروائی ہوگی

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب / نائب تحصیلدار صاحب / اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خیرا، موضع ہنکس، موضع بیلہ ہنکس تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ حقوق حال قائم خاتون المعروف کرم بھری کے وارثان فقہ اہلسنت میں عنایتاں ،جہاں مند والدین پہلے فوتشدہ سردار خان خاوند پہلے فوتشدہ ،حاجرہ، دختر زندہ،حاکم پسر پہلے فوتشدہ کے وارثان بیگم بی بی ،زوجہ پہلے فوتشدہ شمیم بی بی، عمر دراز صاحب بی بی پسر دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کردیا جائے گا بعد کوئی عذر قبول نہ ہوگا 123

Scanned with CamScanner

ایف ڈی اے کے غلام رسول 40 سالہ ملازمت کے بعد ریٹائر

ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی خدمات کو خراج تحسین، واجبات کی فوری ادائیگی کا حکم

ادارے کے ملازمین کی خدمات کا اعتراف کرنا ایک مثبت روایت ہے، جس سے ملازمین کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) کے افسران اور سٹاف کی جانب سے 40 سالہ سرکاری خدمات مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر غلام رسول کے اعزاز میں الوداعی تقریب منعقد کی گئی، جس کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری تھے۔ تقریب میں چیف انجینئر مہر ایوب، ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس افضال انصاری، انچارج ون ونڈو کاؤنٹر/ ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی عبداللہ نور، پراپرٹی ٹرانسفر آفیسر عابد اشرف بٹ، دیگر افسران، انقلابی ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری میاں طیب، چیئرمین شیخ عمران، یونین کے دیگر عہدیداران اور سٹاف کے اراکین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر غلام رسول کی چار دہائیوں پر محیط سرکاری خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمت محض ایک پیشہ نہیں بلکہ عوامی خدمت اور ادارے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا ایک اہم ذریعہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

مولانا فضل الرحمٰن خیبر پختونخوا، بلوچستان حکومتوں کا موازنہ ذہنی حقائق پر کریں، میر سرفراز بگٹی

قائد جمعیت دہشت گردی کیخلاف جنگ کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ ہونے دیں، وزیراعلیٰ بلوچستان



کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان ہوئے کہا کہ وہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ ذہنی حقائق پر کریں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ریاستی کوششوں اور سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو مدنظر رکھا جائے، دہشت گردی کے خلاف جنگ کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ ہونے دیں۔ جاری بیان میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کو قومی سلامتی پر ذمہ دارانہ موقف اپنانے کا پیغام دیتے بلوچستان میں سیاسی اختلافات کے باوجود دہشت گردی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

بلوچستان میں منشیات کی آسان دستیابی تشویشناک ہے

منشیات فروشوں کیخلاف موثر کارروائی کی جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ہر ضلع میں منشیات کی آسان دستیابی تشویشناک ہے، حکومتی غفلت اور متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث منشیات تعلیمی اداروں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات تک پہنچ چکی ہے، جس کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی اور سیکرٹری سوشل ویلفیئر بلوچستان عصمت اللہ قریشی کے ہمراہ کوئٹہ میں قائم ری ہیب سینٹر کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس دوران انہوں نے منشیات سے متاثرہ افراد کے علاج و بحالی کے عمل کا جائزہ لیا۔

وزیراعلیٰ سندھ کی پاک فوج کو خراج تحسین، سرحدی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر مبارکباد

افغان طالبان کی فائرنگ کا بھرپور جواب اور دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے، مراد علی شاہ



کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاک افغان سرحد پر سیکیورٹی کی صورت حال کے حوالے سے اپر کرم سیکٹر میں دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ غور گرچھی میں دشمن کو دندان شکن جواب دینا پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب قابل فخر ہے، جبکہ شیوالا میں دہشت گردوں کے کیمپوں کی مکمل تباہی وطن کے دفاع کا منہ بولتا ثبوت ہے۔



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری الوداعی تقریب میں ریٹائر ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر غلام رسول کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

باغ جناح میں پاکستان کا پہلا ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کھول دیا گیا

باغ جناح کے علاوہ کلیم شہید پارک اور اقبال پارک (دھوبی گھاٹ) گراؤنڈ میں بھی ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ قائم کئے جا رہے ہیں

میٹرو بس روٹس کی زد میں آنے والے مجموعی طور پر 795 درختوں میں سے تینوں آرچرڈ میں اب تک 352 درخت ری پلانٹ کر دیئے گئے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ماحول دوست ویژن کے تحت باغ جناح فیصل آباد میں پاکستان کا پہلا "ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ" شہریوں کے لئے کھول دیا گیا ہے جہاں اب تک 30 سے 60 سال پرانے میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹس کی زد میں آنے والے 166 درخت ٹرانسپلانٹ کر دیئے گئے ہیں۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کا دورہ کیا اور ری پلانٹ کئے گئے درخت دیکھے۔ انچارج ویمن کرکٹ پاکستان کرکٹ بورڈ رافعہ حیدر، ایڈیشنل کمشنرز قیصر عباس رند، نوید مرتضیٰ، افضل تارڑ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ آصف اقبال چوہان، ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی دلاور خان، اسسٹنٹ کمشنر جنرل ڈاکٹر ذیشان ارشاد اور دیگر افسران کے علاوہ سیودی پلانٹ تنظیم کے ارکان اور سول سوسائٹی بھی موجود تھی۔ کمشنر فیصل آباد نے اہلیان فیصل آباد کو ملک کے پہلے ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کے قیام پر مبارکباد دی اور بتایا کہ باغ جناح کے علاوہ کلیم شہید پارک اور اقبال پارک (دھوبی گھاٹ) گراؤنڈ میں بھی ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ قائم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ، سری لنکن ہائی کمشنر کو لائلپور میوزیم میں 1896ء کے قائم کئے گئے تحصیل آفس کارنر کے دورہ پر گھنٹہ گھر کا ماڈل پیش کر رہے ہیں

فیصل آباد میں 50 سے زائد سماجی تنظیموں کا اجلاس

فلاحی منصوبوں کے فروغ اور باہمی تعاون پر اتفاق، مشترکہ پلیٹ فارم بنانے کا عزم

فیصل آباد (پ ر) آل فیصل آباد ڈویژن این جی اوز میٹ اپ ڈاکسٹی انسٹیٹیوٹ کے بورڈ روم میں منعقد ہوا، جہاں شہر میں کام کرنے والی پچاس سے زائد سماجی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں باہمی تعاون، مشترکہ فلاحی منصوبوں، اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر آرگنائزر میاں عثمان رفعت، چیئرمین والنٹیئر فورس پاکستان، اور محمد ابوبکر ظفر، بانی و صدر امپاورز یوتھ فاؤنڈیشن، نے شرکا کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں عثمان جپ، عبدالمتین، ملائکہ سندھو، ایوب گل اوکاڑ، اسامہ مہدی، زینب، عزیز الحسن، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

اسحاق ڈار کی تجارت، سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے قابل عمل تجاویز تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں شراکت دار ممالک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں منڈیوں تک رسائی بہتر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



فیصل آباد۔ ڈسٹرکٹ بار کیانی ہال میں صوفی ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے ممتاز ماہرین تعلیم پروفیسر ڈاکٹر حیات انصاری، ڈائریکٹر... [illegible]

الائیڈ ہسپتال II کو لاکھوں روپے کا طبی سامان عطیہ

ڈونر ندیم احمد نے 20 یونٹ کوچ اور اسٹریچرز مرمت کرا کر ہسپتال انتظامیہ کے حوالے کر دیئے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن انسداد منشیات الائیڈ ہسپتال II کی کاوشوں سے ڈونر نے ہسپتال کے لئے لاکھوں روپے مالیت کا طبی سامان عطیہ کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر، محمد نواز خالد آر بی، جنرل سیکرٹری انجمن انسداد منشیات آمنہ اکرم، کلینیکل سائیکالوجسٹ غلام مصطفیٰ نیازی، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ علی رضا، وائس پریذیڈنٹ محمد پرویز، ڈاکٹر سبحان، صدا رحمٰن لکاش اور دیگر موجود تھے۔ ڈونر ندیم احمد کی طرف سے 20 یونٹ کوچ اور سٹریچر مرمت کرا کر ہسپتال انتظامیہ کے سپرد کئے گئے ہیں۔

پاکستانی معیشت مستحکم، زرمبادلہ ذخائر 21.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، خام تیل قیمتوں میں اضافے کے باوجود مہنگائی قابو میں ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ محتاط معاشی پالیسیوں اور ساختی اصلاحات کے نتیجے میں پاکستانی معیشت مستحکم ہوئی ہے اور بیرونی مالی دباؤ کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے عالمی مالیاتی اداروں کے سرمایہ کاروں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

فیصل آباد چیمبر کی ترقی کیلئے اجتماعی کوششوں پر زور

سابق صدر فاروق یوسف شیخ کی رہنمائی سے عملی اقدامات جاری رکھنے کا عزم

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ترقی کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے اور اس سلسلہ میں موجودہ قیادت سابق صدور کی مشاورت سے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر کے صدر عارف احسان ملک نے سابق صدر فاروق یوسف شیخ کی طرف سے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد واپسی پر چیمبر آمد پر خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ فاروق یوسف شیخ نے جس خلوص، نیک نیتی اور ویژن سے بزنس کمیونٹی کی خدمت کی ہے وہ تاریخ کا انمٹ باب ہے اور وہ ان کے نقش قدم پر چلنے کیلئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

کراچی، ملزمان کی تحویل پر جھگڑے میں ایس آئی یو اہلکار قصوروار قرار

کراچی (این این آئی) کراچی میں ضلع وسطی پولیس اور اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) کے اہلکاروں کے درمیان جھگڑے کی انکوائری رپورٹ ایڈیشنل آئی جی کراچی کو ارسال کر دی گئی، جس میں واقعے کا ذمہ دار ایس آئی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

فیصل آباد میں صوفی ڈے کی تقریب، امن و رواداری کے فروغ پر زور

صوفی ازم انسانیت، بھائی چارے اور برداشت کا درس دیتا ہے، مقررین

فیصل آباد (پ ر) برصغیر پاک و ہند میں دین اسلام کی شمع فروزاں کرنے کے لئے اولیاء عظام اور صوفیا کرام کا کردار مسلمہ حقیقت ہے "موجودہ معاشرہ میں 'رواداری' 'امن' برداشت 'انسانیت کی فلاح و بہبود 'بھائی چارہ کے لئے صوفی ازم کو فروغ دینا ہوگا' انسانیت کی راہنمائی اور مخلوق خدا کو سدھارنے کے لئے ایک مثالی معاشرہ کی تشکیل ضروری ہے 'حقوق العباد کی ادائیگی' لالچ 'حسد' بغض سے احتراز کر کے انسان قرب خداوندی حاصل کر سکتا ہے' ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ بار کے کیانی ہال میں "صوفی ڈے" کے موقع پر معروف ماہر تعلیم پروفیسر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

کراچی پریس کلب کی اظہر عباس کو ایمنڈ کے صدر اور حافظ طارق محمود کو سیکریٹری جنرل منتخب ہونے پر مبارکباد

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی، سیکریٹری اسلم خان اور مجلس عاملہ نے ایسوسی ایشن آف الیکٹرانک میڈیا ایڈیٹرز اینڈ نیوز ڈائریکٹرز (ایمنڈ) کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

سکول کی چھت گرنے کے واقعے کی شفاف انکوائری کرائی جائے

دلخراش واقعے کے ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں قرار واقعی سزا دی جانی چاہیے، ذوالفقار شیخ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پشاور سکول سانحہ پر مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق ٹاؤن نائب ناظم جناح ٹاؤن ذوالفقار احمد شیخ کا اظہار افسوس، انکوائری اور اسکولوں کے سیفٹی آڈٹ کا مطالبہ، پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور جامع (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35) پشاور کے نجی میں اسکول کی چھت گرنے کے نتیجے میں 33 طلبہ کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے، انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سانحے کی شفاف

دہشت گردی کے خلاف تمام سیاسی جماعتیں متحد ہوں، توصیف نواز خان

دہشت گرد، دہشتگرد ہوتا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت ہونی چاہیے



فیصل آباد (پ ر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبرونگ فیصل آباد توصیف نواز خان نے کہا ہے کہ آپ لانگ مارچ کریں، شارٹ مارچ کریں، ہمیں مسئلہ نہیں تاہم دہشت گردی پر بات کریں۔ حکومت نے ٹی ٹی پی کو لانگ مارچ سے نہیں روکا بشرطیکہ دہشت گردی پر بھی بات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست اپنی جگہ، آئیں مل کر دہشت گردی کا خاتمہ کریں۔ ٹی ٹی پی، بی ایل اے یا افغانستان سے ہونے والی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

پشاور سکول حادثے پر میاں عرفان منان کا اظہار افسوس

ذمہ داروں کے خلاف کارروائی اور سکولوں کی حفاظت یقینی بنانے کا مطالبہ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما اور این اے 101 سے سابق ٹکٹ ہولڈر میاں عرفان منان نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی سکول کی چھت گرنے کے دردناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم میاں شہباز شریف کی طرف سیاں بچوں اور زخمیوں کی ہر سطح پر مدد کی ہدایت کی گئی ہے تاہم انسانی جانوں کے ضیاع کا ازالہ ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

شہر بھر میں سٹریٹ لائٹس کی فوری بحالی یقینی بنائیں گے، نعمان صدیق

غیر فعال لائٹس چالو کرنے اور شہری شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کی زیر صدارت شہر بھر میں سٹریٹ لائٹس کو فعال بنانے اور روشنی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں شہر کی اہم شاہراہوں، گلی محلوں اور بازاروں میں سٹریٹ لائٹس کی بحالی اور فعالیت کے لیے جامع اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز انور علی کانجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ مراد حسین نیکوکارہ، اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

فیصل آباد، پنجابی ادیبوں اور شاعروں میں ایوارڈز تقسیم

مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کی پنجابی زبان و ادب کے فروغ کے لیے کاوشیں نہایت قابل تحسین ہیں اور یہ ادارہ اہل قلم کی حوصلہ افزائی کر کے مادری زبان کی ترویج میں اہم اور بنیادی کردار ادا کر رہا ہے

تعلیمی اداروں میں ایسے باوقار ادبی پروگراموں کا انعقاد طلبہ اور اساتذہ کے اندر اپنی مادری زبان سے محبت اور لگاؤ کو پروان چڑھاتا ہے، ڈاکٹر عبدالرحمٰن

فیصل آباد (پ ر) گورنمنٹ میونسپل گریجوایٹ کالج فیصل آباد میں مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کے زیر اہتمام ایوارڈ تقسیم کا چوتھا پروگرام منعقد ہوا جس کی صدارت معروف دانشور اور ایڈوائزر صوبائی محتسب نواز خالد عاربی نے کی جبکہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سمیرا اکبر تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ تقریب میں پرنسپل کالج ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈاکٹر عارف حسین عارف نے سرانجام دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر تقریب نواز خالد عاربی دانشور، ایڈوائزر صوبائی محتسب نے کہا کہ مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کی پنجابی زبان و ادب کے فروغ کے لیے کاوشیں نہایت قابل تحسین ہیں اور یہ ادارہ اہل قلم کی حوصلہ افزائی کر کے مادری زبان کی ترویج میں اہم اور بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر سمیرا اکبر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجابی زبان ہماری شاندار ثقافت اور روایات کی امین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



گورنمنٹ میونسپل گریجوایٹ کالج فیصل آباد میں مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کے زیر اہتمام ایوارڈ تقسیم کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

فیصل آباد میں سالانہ محفل ختم پاک کا انعقاد

مفتی پیر سید محمد سعید الحسن شاہ کا سچائی کی اہمیت اور جھوٹ کے نقصانات پر خطاب

فیصل آباد (پ ر) باب برکت روڈ جمیل آباد میں زیر نگرانی مرزا محمد افضل مغل برادران سالانہ محفل ختم پاک والدین کریمین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ محفل پاک کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا۔ محفل پاک میں خصوصی خطاب پیر طریقت، رہبر شریعت، مفکر اسلام، عظیم مذہبی سکالر، چیئرمین نور الہدیٰ فاؤنڈیشن پاکستان "حضرت علامہ مولانا مفتی پیر سید محمد سعید الحسن شاہ نے فرمایا۔ حضرت نے اپنے پرنور خطاب میں سچ کی اہمیت اور جھوٹ کے نقصانات پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ سچائی ایمان کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

محمود اچکزئی کا باڑہ کا دورہ، فائرنگ کے واقعے کی شفاف تحقیقات اور آئینی حقوق کے تحفظ کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی حق ہے، نہتے شہریوں پر فائرنگ کسی صورت قابل قبول نہیں، پشتون (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

فیصل آباد میں سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت، پیپلز پارٹی کا عزم

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، رہنماؤں کا خطاب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے کہ جس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے سب سے زیادہ قربانیاں پیش کی ہیں۔ 18 اکتوبر 2007 کو محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی طویل ترین جلاوطنی کے بعد وطن آمد پر شاہراہ فیصل کارساز کے مقام پر دہشت گردوں نے وہ خونی کھیل کھیلا کہ جس کی بازگشت صدیوں سنائی دے گی۔ اس المناک سانحہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے 177 کارکنوں نے جام شہادت نوش کرتے ہوئے ملکی تاریخ میں شجاعت اور بہادری کا ایک نیا باب رقم کیا تھا۔

جمعیت علمائے اسلام کا سیاسی رہنماؤں کو ہراساں کرنے پر احتجاج کا انتباہ


کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ حکمران اقتدار کے نشے میں سیاسی رہنماؤں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



فیصل آباد۔ پاکستان پیپلز پارٹی سٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہدا کیلئے سٹی صدر رانا نعیم دستگیر خان، چوہدری عباس گجر و دیگر محلہ لطیف پارک میں دعائے مغفرت ادا کر رہے ہیں

پشاور سکول سانحہ، شیراز کاہلوں کی واقعہ کی مذمت

دلخراش واقعہ کے ذمہ داروں کا تعین کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، رہنما مسلم لیگ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق ایوزیشن لیڈر میٹرو پولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے پشاور کے ایجوکیشن سینٹر میں سکول کی چھت گرنے کے نتیجے میں 34 طلبہ کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سانحے کی شفاف اور جامع انکوائری کرائی جائے اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی المناک اموات نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

ریلوے میں اصلاحات ناگزیر ہیں، محمد اعجاز چوہدری

ریلوے میں مستقل بنیادوں پر نئی بھرتیاں کی جائیں، خالی آسامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر پر کیا جائے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے سانحہ پشاور سکول کے بچوں کی شہادت اور ملتان کے قریب رحمان بابا ٹرین حادثہ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ پشاور سکول میں چھت گرنے سے تیس سے زائد بچوں کی ہلاکت بہت بڑا المناک سانحہ ہے متاثرین والدین کے غم میں پاکستان پیپلز پارٹی دلی افسوس اور گہرے رنج و غم کا اظہار کرتی ہے اللہ کریم ان بچوں کے والدین کو صبر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



فیصل آباد۔ الخدمت خواتین ٹرسٹ کے زیر اہتمام بیٹھک سکول مسعود آباد میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کے موقع پر ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف، الخدمت رضاکاروں اور سہولت کاروں کا گروپ فوٹو

نکوٹین مصنوعات کے استعمال پر واضح پالیسی بنائی جائے، ارشد علی سید

پاکستان میں تمباکو نوشی اب بھی صحت عامہ کا سب سے بڑا مسئلہ ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) متبادل مصنوعات کے استعمال سے متعلق واضح اور مناسب پالیسی بنائی جائے، اے آر آئی آلٹرنیٹو ریسرچ انیشی ایٹو) اے آر آئی (اور اس کی ممبر تنظیموں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر زور دیا ہے کہ وہ نکوٹین پاؤچز اور تمباکو کی دیگر متبادل مصنوعات سے وابستہ خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے استعمال سے متعلق مناسب پالیسیاں وضع کریں۔ اے آر آئی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ارشد علی سید نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ "واضح پالیسی نہ ہونے کے باعث تمباکو کی متبادل مصنوعات ایسے افراد بھی استعمال کر رہے ہیں جنہیں ان کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ، ان مصنوعات کے بارے میں بڑے پیمانے پر پھیلتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

اتباع رسول ﷺ ہی قیامت کے خوف سے نجات کا ذریعہ ہے، امیر عبدالقدیر اعوان

نماز، قرآن اور سیرت نبوی ﷺ پر عمل کر کے آخرت کی تیاری کریں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) روز قیامت کی سختی میں جب لوگ ہوش میں ہوتے ہوئے بھی مدہوش ہوں گے لیکن وہ جنہوں نے اپنی زندگیوں میں اتباع رسالت ﷺ اختیار کیا اور خود کو اسوہ حسنہ میں ڈھال لیا ایسے لوگوں کو رحمت الٰہی گھیر لے گی اور ان کو اس دن کا بھاری خوف غمگین نہیں کرے گا۔ صحابہ کرام نے اس دعوی محبت کو عملی طور پر ثابت کر کے دکھایا۔ یہ زمین و آسمان گواہ ہیں کہ ظاہری اسباب نہ ہونے کے باوجود انہوں نے اللہ پر توکل کر کے وہ کام کر دکھایا جو ظاہراً نہ ہو سکتا تھا۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کا سانفرانسسکو، اے ایم ایل مسجد میں جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھی اللہ کی ہے اور آخرت بھی۔

تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا فوری اسٹرکچرل آڈٹ کرانے کا مطالبہ

پشاور کے سینئر پولیس حکام کے مطابق عمارت کی چھت غیر معیاری روایتی ٹائلوں سے تعمیر کی گئی تھی جس کی وجہ سے یہ حادثہ رونما ہوا

کاروباری برادری اس دلخراش واقعے پر گہرے صدمے اور رنج و غم میں مبتلا ہے، ہم متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، عارف احسان

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے المناک واقعے کے تناظر میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا لازمی فرانزک اسٹرکچرل آڈٹ کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اس سانحے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس حادثہ میں 35 معصوم طلبہ کے علاوہ ایک سکول ٹیچر جان بحق ہوگئی۔ یہ واقعہ عمارتوں کی حفاظت سے متعلق قوانین اور ضوابط پر عملدرآمد میں سنگین کوتاہیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ عارف احسان ملک نے کہا، کاروباری برادری اس دلخراش واقعے پر گہرے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

الخدمت خواتین ٹرسٹ کا فری میڈیکل کیمپ، 100 سے زائد مریضوں کا معائنہ

مستحق مریضوں کو مفت طبی سہولیات اور ادویات فراہم کی گئیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) الخدمت خواتین ٹرسٹ کے زیر اہتمام بیٹھک سکول مسعود آباد میں مقامی آبادی کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ماہر ڈاکٹرز کی نگرانی میں 100 سے زائد مستحق اور ضرورت مند مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور انہیں ضروری ادویات فراہم کی گئی۔ میڈیکل کیمپ میں جنرل فزیشنز، امراض چشم، گائنی اور خواتین و بچوں کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا معائنہ کیا۔ معائنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کے بلڈ پریشر، شوگر اور دیگر ضروری معلوماتی ٹیسٹ بھی موقع پر بالکل مفت کیے گئے۔

کاروباری تنازعات پر چالاک ملزمان نے 4 شہریوں کے لاکھوں روپے ہڑپ کر لیے

فیصل آباد (آن لائن) کاروباری تنازعات پر چالاک ملزمان نے 4 شہریوں کے لاکھوں روپے ہڑپ کر لیے 'لیت و لعل کے بعد چیک دیئے جو کہ بنکوں سے کیش نہ ہو سکے۔ تفصیل کے مطابق کوتوالی پولیس کو درخواست گزار تے جہانزیب نے بتایا کہ اس کے واقف کار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

قیام امن اور معاشی استحکام موجودہ وقت کی ضرورت ہے

ملک کے موجودہ حالات معاشی طور پر انتہائی ناساز ہو چکے ہیں، شیخ اکرم پاشا



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ قیام امن اور معاشی استحکام موجودہ وقت کی ضرورت ہے ملک کے موجودہ حالات معاشی طور پر انتہائی ناساز ہو چکے ہیں عوام حکمرانوں کی طرف دیکھ رہی ہے ارباب اختیار اور سیاسی جماعتیں ملک و قوم کی بہتری کے لئے سر جوڑے بے روزگاری کا سیلاب حد سے بڑھ چکا غریبوں کے گھروں میں فاقوں کا راج قائم ہو چکا ہے شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ جی ڈی پی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

سیڑھیاں اترتے ہوئے پاؤں پھسلنے سے گر کر 50 سالہ شخص لقمہ اجل بن گیا

فیصل آباد (آن لائن) سیڑھیاں اترتے ہوئے پاؤں پھسلنے سے گر کر 50 سالہ شخص لقمہ اجل بن گیا، ہسپتال انتظامیہ نے نعش ورثاء کے حوالے کر دی، بتایا جاتا ہے کہ سمندری کا رہائشی 50 سالہ ریاض ولد یوسف گھر کی بالائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے

248 ج ب میں خضر حیات کے گھر کا صفایا کر دیا گیا اور دیگر وارداتوں میں بھی لاکھوں کا مال واسباب لوٹ لیا گیا

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں ڈکیتی چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے، جبکہ متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں، رکشا اور لاکھوں کے مویشی چورلے اڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہوں کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیل کے مطابق سدھار قبرستان کے قریب سلمان سے 35 ہزار دفون، بٹالہ کالونی کے علاقہ بابر چوک کے قریب محمد علی سے اڑھائی لاکھ دفون، جھال چوک کے قریب نذیر سے موٹر سائیکل' نقدی دفون چھین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)



امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کا سانفرانسسکو، اے ایم ایل مسجد میں جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب۔

Scanned with CamScanner